آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 13 اکتوبر 2020ء بمطابق 25 صفر المظفر 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 278

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15

اہل تشیع	
فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی احساس محرومی کا جلد خاتمہ ہوگا، ترجمان حکومت بلوچستان

132 کے وی ٹرانسمیشن لائن بکران کا قومی گرڈ سے منسلک کرنا، ژوب چمن N-50 روڈ کی اپ گریڈیشن، خضدار بسیمہ روڈ جس پر گزشتہ دور میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی لیکن موجودہ صوبائی حکومت نے اس منصوبے پر فزیکل ورک کے کام کا آغاز کر دیا ہے

بوستان کے منصوبے کا بہت جلد سنگ بنیاد بھی رکھا جائے گا اور نوکنڈی، ماشکیل، پنجگور روڈ جو کہ گزشتہ چار سالوں سے التوا کا شکار تھی جس کی منظوری سی ڈی ڈبلیو پی نے (CDWP) دے دی ہے

موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں سی پیک میں شمال بلوچستان کے ترقیاتی، توانائی انفراسٹرکچر اور شاہراہوں کو عملی جامہ پہنا رہی ہے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا امیر حیدر ہوتی کے بلوچستان سے متعلق سی پیک کے بیان کو حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں سی پیک میں شمال بلوچستان کے ترقیاتی، توانائی انفراسٹرکچر اور شاہراہوں اور دیگر اہم منصوبوں کو عملی جامہ پہنا رہی ہے جس کی نظیر گزشتہ دور میں نہیں ملتی، موجودہ حکومت سی پیک میں بلوچستان سے متعلق ان تمام منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائے گی جس کو ماضی میں نظر انداز کیا گیا، انہوں نے کہا کہ 132 کے وی ٹرانسمیشن لائن بکران کا قومی گرڈ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کیلئے ایس ڈی جیز میں کوئی منصوبہ نہیں ہے، قائمہ کمیٹی

30 جون 2020 کو متعلقہ سیکٹر میں آپریشن کیا گیا تو غیر قانونی قابضین نے ہمارے ملازمین کو زدوکوب اور زخمی کیا اور گاڑیاں بھی توڑ دیں ان کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی ہے

اگست 2020 سے منصوبے اون گراؤنڈ شروع ہو چکے ہیں کمیٹی وزٹ بھی کر سکتی ہے، بارہ کہو، جی 13، لاہور، کچلاک، پشاور اور دیگر شہروں میں بھی تعمیرات شروع ہو چکی ہیں

ورکنگ پیپر کا تفصیلی جائزہ لے کر آئندہ اجلاس میں اس ایجنڈے پر مزید بحث کی جائے گی، چار ماہ کے دوران ہاؤسنگ منصوبے کے حوالے سے کوئی اتنا کام نہیں ہو سکا، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ایوان بالا کی قائمہ کمیٹی برائے مکانات اور تعمیرات کو بتایا گیا ہے کہ چار ماہ کے دوران ہاؤسنگ منصوبے کے حوالے سے کوئی اتنا کام نہیں ہو سکا، ایوان بالا کی قائمہ کمیٹی برائے مکانات اور تعمیرات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر میر کبیر احمد محمد شاہی کی زیر صدارت پارلیمنٹ لاجز میں منعقد ہوا۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں سینیٹر بہرہ مند خان تنگی کے سینیٹ اجلاس میں اٹھائے گئے سوال برائے اسلام آباد کے سیکٹر جی 14۔ کے سیکٹرز 2 اور 3 میں الاٹیوں کو پلاٹ دینے جبکہ سیکٹروں میں الاٹیوں کو قبضہ دینے کے معاملے، کرونا وباء کی وجہ سے حکومت کے ہاؤسنگ منصوبہ اور فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی بننے کے بعد ادارے میں اصلاحات، وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے سالانہ بجٹ کا جائزہ لینے کیلئے مالی سال

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

جمہوریت کو خطرہ ہے نہ ووٹ کی عزت کو، کرپشن خطرے میں ہے، قاسم سوری

عوام سے جھوٹے وعدے کر کے اقتدار میں آ بدترین کرپشن کر کے اپنے لیے پوری دنیا میں جائیدادیں بنائیں، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی محمد قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ جب کرپشن کا حساب مانگا جائے تو نعرے لگاؤ "جمہوریت خطرے میں ہے"، "ووٹ کو عزت دو" وزیراعظم عمران خان کا وژن ہے کہ ملک لوٹنے والوں کا احتساب ہو گا اس لیے نہ جمہوریت

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

اگر حکومت عوام کیساتھ جنگ کرے گی تو جیت نہیں سکے گی، مریم نواز

سی پیک پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور گیم چینجر ہے، نائب صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ اگر حکومت عوام کے ساتھ جنگ کرے گی تو جیت نہیں سکے گی، سی پیک پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور گیم چینجر ہے، ایسے شخص جس کے اوپر سوالات اٹھ رہے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

قطری خط اور کیلبری فونٹ کی طرح مریم نواز کے نعرے بھی جعلی ہیں، شہباز گل

(ن) لیگی قیادت نے ووٹ کے بجائے نوٹ کو عزت دی، آپ کو لوٹے ہوئے نوٹوں کے سوال پر ووٹ کی عزت یاد آ جاتی ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سیاسی روابط شہباز گل نے کہا ہے کہ قطری خط اور کیلبری فونٹ کی طرح مریم نواز کے نعرے بھی جعلی ہیں، مریم نواز کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے شہباز گل نے کہا کہ (ن) لیگی قیادت نے ووٹ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ملتان: ایم این اے پاکستان بیت المال عون عباس میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس رکشے میں سوار خاتون جاں بحق ہو گئی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس ٹریکٹر کی ٹکر سے رکشے میں سوار

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پنجگور میں ایرانی پٹرول اور ڈیزل سے لوڈ گاڑی کو آگ لگ جانے سے گاڑی تباہ کوئی جانی نقصان نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پنجگور میں ایرانی پٹرول اور ڈیزل سے لوڈ گاڑی کو آگ لگ جانے سے گاڑی تباہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لیویز کی بروقت کارروائی قتل میں ملوث ملزم کو آلہ قتل سمیت کوئٹہ سے گرفتار کر لیا

نوشکی (این این آئی) لیویز کی بروقت کارروائی قتل میں ملوث ملزم کو آلہ قتل سمیت کوئٹہ سے گرفتار کر لیا ملزم

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

علاقے کے قیام امن میں خلل ڈالنے والوں کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا، اسسٹنٹ کمشنر چمن

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن حضرت ولی کاکڑ نے کہا کہ علاقے کے قیام امن میں خلل ڈالنے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

72 برس پہلے قائداعظم کی ہدایات پر عمل ہوتا تو سقوط ڈھاکہ جیسا واقعہ ہوتا، سابق وزیراعظم نواز شریف

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم نواز شریف نے 12 اکتوبر کے حوالے سے ٹویٹ میں کہا کہ 72 برس پہلے سٹاف کالج کوئٹہ میں قائداعظم کی ہدایات پر عمل ہوتا تو سقوط ڈھاکہ جیسا واقعہ ہوتا، نہ 12 اکتوبر 1999 جیسی بغاوت ہوتی اور نہ ہی عوام کے منتخب وزیراعظم کو گرفتار کرنے کے لیے پرائم

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون ڈاکٹر محمد فروغ نسیم اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے صوبے میں ٹائیفائیڈ کی نئی قسم پھیلنے کی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ صحت سے اس حوالے سے رپورٹ طلب کر لی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے صوبے میں ٹائیفائیڈ کی نئی قسم پھیلنے کی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ صحت سے اس حوالے سے رپورٹ طلب کر لی ہے، وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ٹائیفائیڈ کے فوری کنٹرول کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں، انہوں نے کوئٹہ سمیت

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

معاشی بحران، عام آدمی کی زندگی مشکلات کا شکار ہو چکی ہے، طلحہ محمود

جب تک مخلص قیادت اور مضبوط پالیسیاں نہیں بنیں گی تب تک خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا

پشاور (این این آئی) سینیٹر طلحہ محمود نے کہا ہے کہ اس وقت ملک معاشی بحران کا شکار ہے، عام آدمی کی زندگی مشکلات کا شکار ہو چکی ہے، ایسے میں اپنے غریب بھائیوں کی مدد کرنا اور ان کا سہارا بننا بہت ضروری ہے، ہمیں مل کر ان مشکل حالات سے نکلنا ہے، جب تک ملکی سطح پر مخلص قیادت اور مضبوط پالیسیاں نہیں بنیں گی تب تک خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق صوبائی وزیر جمعیت علماء اسلام خیبر پختونخوا آصف اقبال داؤدزئی کی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

آئین توڑنے والوں سے ہماری لڑائی اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ان کو قرار واقعی سزا نہیں مل جاتی، مرتضیٰ جاوید عباسی

ایبٹ آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی مرتضیٰ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پاک بحریہ کے نئے سربراہ کی وزیراعظم عمران خان سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے وزیراعظم عمران

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ سے سپارکو کے چیئرمین کی سربراہی میں وفد کی ملاقات، مستقبل کے منصوبوں بارے بھی آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ سے سپارکو کے چیئرمین کی سربراہی میں وفد نے ملاقات

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

نیب نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی طلبی کا نوٹس ماڈل ٹاؤن سیکرٹریٹ کے باہر چسپاں کر دیا

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

آئین پاکستان مذہبی آزادی اور اظہار رائے کا حق دینے کا ضامن ہے، گورنر بلوچستان

پاکستان کا آئین ہی یہاں بسنے والی تمام اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور اظہار رائے کا حق دینے کا ضامن ہے اور مذکورہ آئین مذہبی بنیادوں پر کسی کے ساتھ کسی قسم کا امتیاز رکھنے کی اجازت نہیں دیتا

خطے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے بھائی چارے، باہمی احترام، مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ناگزیر ہو چکا ہے لہٰذا ضروری ہے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ پاکستان کا آئین ہی یہاں بسنے والی تمام اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور اظہار رائے کا حق دینے کا ضامن ہے اور مذکورہ آئین مذہبی بنیادوں پر کسی کے ساتھ کسی قسم کا امتیاز رکھنے کی اجازت نہیں دیتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں یوسف نعیم جان کی قیادت میں مسیحی برادری کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پادری فیاض یونس، پادری سائمن بشیر، آرتھر نقاش، ایل نعیم صدیق اور اسٹیفن لال بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان امان اللہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

عدالت عظمیٰ پر سپریم کورٹ 184 شق کے تحت از خود نوٹس لے رہی ہے، سپریم کورٹ کا عمران خان کو جاری نوٹس سے متعلق تحریری حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے وزیراعظم پاکستان عمران خان کو جاری کیے گئے نوٹس سے متعلق تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ معاملہ پر سپریم کورٹ 184 شق کے تحت از خود نوٹس لے رہی ہے۔ عدالت نے تحریری حکم

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

جب تک بجلی کا مسئلہ حل نہیں ہو گا گوادر ترقی نہیں کر پائے گا، اسلم بھوتانی

لسبیلہ میں پولیس کی حالیہ بھرتیوں میں اقرباپروری کی گئی وڈیروں اور اعلیٰ شخصیات کو نوازا گیا غریبوں کو بھرتی نہیں کیا گیا کل ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کی جائے گی

اکنامک سرگرمیاں بڑھیں گی این ایل سی کے حوالے سے 19 اکتوبر کو اجلاس ہو گا جس میں کلیئرنگ فارورڈنگ اور ٹرانسپورٹنگ کا جو کام کر رہے ہیں، رکن قومی اسمبلی

لسبیلہ (این این آئی) لسبیلہ گوادر سے رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے کہا ہے کہ جب تک بجلی کا مسئلہ حل نہیں ہو گا گوادر ترقی نہیں کر پائے گا، لسبیلہ میں پولیس کی حالیہ بھرتیوں میں اقرباپروری کی گئی وڈیروں اور اعلیٰ شخصیات کو نوازا گیا غریبوں کو بھرتی نہیں کیا گیا، کل ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز جب میں اپنے کیمپ آفس میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، محمد اسلم بھوتانی نے کہا کہ لسبیلہ میں مخصوص پارٹی کے لوگوں کو نوکریاں دی جاتی ہیں جب تک غریبوں کو ان کا حق نہیں ملتا اس وقت تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے، اب جب بات معزز عدالت میں جائے گی تو کھل کر باتیں سامنے آجائیں گی، ان شاء اللہ عدالت سے ہمیں امید ہے کہ لسبیلہ کے لوگوں کو ان کا حق ملے گا، محمد اسلم بھوتانی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ایران بارڈرز سے پھل و سبزیاں لے جانے اور لانے کی اجازت دے دی گئی ہے جس سے وہاں اکنامک سرگرمیاں بڑھیں گی این ایل سی کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

تعلیم و تربیت کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، تعلیم و تربیت کا چولی دامن کا ساتھ ہے، اختر حسین لانگو، احمد نواز بلوچ

تعلیم کے ساتھ تربیت نہ کی جائے تو طالب علم معاشرے میں نکھار پیدا نہیں ہو سکتا، کامیاب طالب علم ہونے کیلئے تعلیم کے ساتھ تربیت کا ہونا لازم ہے

کوئٹہ (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو اور ایم پی اے احمد نواز بلوچ نے کہا ہے کہ ہمیں ہنر کے شعبے کو اہمیت دینا ہو گی اور جس شعبے میں ہیرون ملک زیادہ روزگار ہے وہ ہنر سکھانے ہوں گے۔ ملک میں ہر سال 25 لاکھ نوجوانوں کو نوکری کی ضرورت ہوتی ہے۔ بلوچستان میں محدود سرکاری نوکریوں سیکٹر کے باعث فنی تعلیم کی اہمیت اور بھی زیادہ ہے نوجوان روزگار سیکھ کر باعزت روزگار کمانے کے قابل ہو سکیں یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر سریاب روڈ کوئٹہ کے اچانک دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ پرنسپل شعیب انور شیرازی نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

زمینداروں کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، زمرک خان اچکزئی

حکومت زمینداروں کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے زمینداروں کو تمام زرعی فیڈروں پر 8 گھنٹے بجلی کی فراہمی ہو گی

بلوچستان کے زمیندار گزشتہ کئی عرصے سے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور سیزن کے وقت ہمسایہ ممالک سے اجناس کی آمد کے خلاف سراپا احتجاج تھے، صوبائی وزیر زراعت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت زمینداروں کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے زمینداروں کو تمام زرعی فیڈروں پر 8 گھنٹے بجلی کی فراہمی ہو گی اور افغانستان سے آنے والی اجناس کی روک تھام کے لئے چیف سیکرٹری بلوچستان سے بات چیت کر کے معاملات کو گفت و شنید سے حل کرنے کے لئے حکومت اور زمینداروں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی گئی جس کا 16 یا 17 اکتوبر کو اجلاس منعقد ہو گا حکومت کی یقین دہانی پر زمیندار ایکشن کمیٹی کی جانب سے این اے چیک پوسٹ پر دیا جانے والا دھرنا ختم کر دیا گیا۔ گزشتہ روز بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بلوچستان نیشنل پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، سید عبدالقہار آغا، حاجی عبدالرحمان بازئی، حاجی ولی ریکسانی، حاجی کاظم اچکزئی، حاجی عزیز سرپرہ، عبدالعزیز مغل، حاجی افضل ہنگورزئی، مصطفیٰ شاہوانی کی قیادت میں ایوب اسٹیڈیم

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

صوبے میں پاک فوج کے اشتراک سے امن وامان قائم ہوا ہے، حاجی مٹھا خان کاکڑ

وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت صوبے میں ترقیاتی کی بڑے منصوبے میگا پراجیکٹ پر کام جاری ہے

صوبائی حکومت عوام کی ترقی و خوشحالی اور نوجوانوں کی بہتری کیلئے بڑی اصلاحات لا رہی ہے، صوبائی صدر بلوچستان عوامی پارٹی

ژوب (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی صوبائی صدر وزیراعلیٰ جام کمال کی قیادت صوبے میں ترقیاتی کی بڑے منصوبے میگا پراجیکٹ پر کام جاری ہے صوبے میں پاک فوج کے اشتراک سے امن وامان قائم ہوا ہے، صوبائی حکومت عوام کی ترقی و خوشحالی اور نوجوانوں کی بہتری کیلئے بڑی اصلاحات لا رہی ہے کیونکہ بلوچستان عوامی پارٹی کا منشور عوامی خدمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک و ماحولیات حاجی مٹھا خان کاکڑ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

مسجد وزیر خان میں گانے کی عکسبندی کے معاملے پر انکوائری مکمل، منیجر سمیت تین ملازمین کو نوکری سے فارغ کرنے کی سفارش

لاہور (این این آئی) مسجد وزیر خان میں گانے کی عکسبندی کے معاملے پر انکوائری مکمل کر لی گئی، منیجر احتشام احمد سمیت تین ملازمین کو نوکری سے فارغ کرنے کی سفارش کر دی گئی۔ محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے زیر انتظام مسجد وزیر خان میں گانے کی عکسبندی کرانے کا سارا ملبہ محکمہ اوقاف کے افسران و ملازمین پر

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

جعفر شاہ ملک اور پی ٹی آئی کا اثاثہ تھے ان کی خدمات کو تادیر یاد رکھا جائیگا، ارشاد محمود

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف آزاد جموں و کشمیر کے سیکرٹری اطلاعات ارشاد محمود نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی گلگت بلتستان کے صدر جعفر شاہ کے انتقال سے قوم اور پارٹی ایک عظیم سیاستدان، مدبر، قانون دان اور ایک محب وطن شہری سے محروم ہو گئی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جعفر شاہ مرحوم نے گلگت

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

عمران خان کو کہتا ہوں آگے بڑھو اور ہمارے ساتھ چارٹر آف اکانومی کریں اور پاکستان حالات بدلیں، قمر زمان کائرہ

گوجرانوالہ جلسہ کی کامیابی کیلئے پیپلز پارٹی، (ن) لیگ، جے یو آئی اور دیگر جماعتیں بھرپور کوششیں کر رہی ہیں، تاریخی جلسہ ہو گا

اگر عوام کے حقوق اور آئین بالادستی کی بات کرنا غداری یا بغاوت ہے تو وہ ایسا کرتے رہیں گے، میڈیا سے گفتگو

سیالکوٹ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ 16 اکتوبر کو گوجرانوالہ میں پی ڈی ایم کا جلسہ شہر کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہو گا جس کی کامیابی کیلئے پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن)، جے یو آئی (ایف) اور دیگر جماعتیں بھرپور کوششیں کر رہی ہیں، عمران خان کو کہتا ہوں آگے بڑھو اور ہمارے ساتھ چارٹر آف اکانومی کریں اور پاکستان حالات بدلیں، اگر عوام کے حقوق اور آئین بالادستی کی بات کرنا غداری یا بغاوت ہے تو وہ ایسا کرتے رہیں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

ملک پر مسلط ہونے والی حکومت کو عوام مسترد کر چکے ہیں، اصغر اچکزئی

اسد خان کی بازیابی حکومت اور متعلقہ تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے اگر یہ ذمہ داری نہیں نبھائی گئی تو پی ڈی ایم میں شریک جماعتیں احتجاج پر مجبور ہوں گی

اگر مغوی کی فوری بازیابی یقینی نہیں بنائی گئی تو پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں احتجاج پر مجبور ہوں گی حکومت کی ناکام پالیسیز کے نتیجے میں معیشت تباہی سے دوچار ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) اپوزیشن جماعتوں کے ملک گیر اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) میں شریک جماعتوں نے عوامی نیشنل پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات اسد خان اچکزئی کی فوری اور بحفاظت بازیابی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسد خان کی بازیابی حکومت اور متعلقہ تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے اگر یہ ذمہ داری نہیں نبھائی گئی تو پی ڈی ایم میں شریک جماعتیں احتجاج پر مجبور ہوں گی، 2018ء کے انتخابات میں دھاندلی کے ذریعے ملک پر مسلط ہونے والی حکومت کو عوام مسترد کر چکے ہیں، مہنگائی، بے روزگاری، لاقانونیت اور دیگر مسائل نے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر دی ہے، موجودہ حکومت نے پارلیمان کو بے وقعت اور مفلوج بنا دیا ہے پی ڈی ایم ملک کے دیگر حصوں کی طرح بلوچستان میں بھی منظم اور فعال ہے ملک

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے میں کورونا کے 77 نئے کیس سامنے آئے ہیں، 24 گھنٹے میں کورونا کا 1 مریض جاں بحق ہوا

کیس اوپیز پر عملدرآمد کرنے پر بزنس مقامات اور تعلیمی اداروں کیخلاف قانون کے تحت کارروائیاں ہو رہی ہیں، وزیراعلیٰ عثمان بزدار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے میں کورونا کے 77 نئے کیس سامنے آئے ہیں اور 24 گھنٹے میں کورونا کا 1 مریض جاں بحق ہوا۔ پنجاب میں صحت یاب مریضوں کی تعداد 96945 ہے اور کورونا کے ایکٹو کیسوں کی تعداد 1561 ہے۔ انہوں نے کہا کہ 24 گھنٹے میں 11082 ٹیسٹ کیے گئے ہیں اور مجموعی طور پر اب تک 1374480 ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ پنجاب میں تشویشناک مریضوں کی تعداد

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلوچستان اس وقت مختلف مشکلات اور مسائل سے دوچار ہے، سیاسی و مذہبی جماعتیں

حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہیے اگر بروقت مسائل کیلئے اقدامات نہ اٹھائے گئے تو سیاسی جماعتیں اور سول سوسائٹی ملکر پیدل مارچ کے شرکاء کے ساتھ احتجاج کریں گی

غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ اور بلوچستان میں تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے گھوسٹ اسکولوں کا خاتمہ اور لورالائی میں پانی کا سنگین مسئلہ فوری طور پر حل کیا جائے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیاسی جماعتوں نے لورالائی پیدل مارچ کے شرکاء کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت وقت کی اولین ذمہ داری ہوتی ہے بدقسمتی سے بلوچستان کے لوگ سہولیات کیلئے سڑکوں پر سراپا احتجاج ہوتے ہیں بلوچستان کی قومی شاہراہوں، تمام اضلاع کو گیس کی فراہمی، قبائلی علاقوں پر عائد ٹیکس کا خاتمہ، جعلی ڈومیسائل کی شفاف تصدیق اور فورٹ منروٹی بیہرہ راڑہ روڈ کی جلد تعمیر، لورالائی سرکٹ بینچ کا آغاز، بلوچستان کے طلباء و طالبات کی پنجاب میں مخصوص نشستوں اور اسکالرشپس کی بحالی، لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں سہولیات کی فراہمی، غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ اور بلوچستان میں تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے گھوسٹ اسکولوں کا خاتمہ اور لورالائی میں پانی کا سنگین

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کورونا کے باوجود ملکی معاشی اشاریوں میں بہتری کا سفر جاری

ترسیلات زر مجموعی طور پر بڑھ کر 1.7 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) کورونا کے باوجود ملکی معاشی اشاریوں میں بہتری کا سفر جاری ہے، کارکنوں کی ترسیلات زر مسلسل چوتھے مہینے بھی 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں اور ترسیلات زر مجموعی طور پر بڑھ کر 1.7 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ترسیلات زر میں مضبوطی کا رجحان ستمبر میں جاری رہا، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ مسلسل چوتھے مہینے ترسیلات زر دو ارب ڈالر سے زائد رہیں، ستمبر میں ترسیلات زر گزشتہ برس کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے زرعی فیڈرز پر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کیخلاف زمینداروں کا کوئٹہ میں احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے زرعی فیڈرز پر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف زمینداروں نے کوئٹہ میں احتجاجی مظاہرہ کیا اور دھرنا دیا، شرکاء کا کہنا تھا کہ طویل لوڈشیڈنگ سے صوبے میں زراعت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے بجلی کی سپلائی بڑھائی جائے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

جلسے آٹا چینی دوائی بجلی گیس کے ستائے عوام کا فیصلہ ہیں، مریم اورنگزیب

(ن) لیگ کے قائدین کو آنے کے لیے سلیکٹڈ کی اجازت اور مشورہ درکار نہیں بلکہ عوام کی محبت کافی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ووٹ چور سلیکٹڈ حکومت کو جلسے میں رکاوٹ ڈالنے کا اختیار کس نے دیا تھا کہ اب اس میں رکاوٹ نہ ڈالنے کا فیصلہ کیا ہے؟ یہ جلسے اب آٹا چینی دوائی بجلی گیس کے ستائے عوام کا فیصلہ ہیں، یہ جلسے اب ووٹ چور سلیکٹڈ ٹولے کے خلاف عوامی ردعمل ہے۔ مریم اورنگزیب نے وزیراعظم عمران خان کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جلسے میں رکاوٹ نہ ڈالنے کا عمران صاحب کا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

مقامی صرافہ مارکیٹوں میں سونے کی قیمت 300 روپے کے اضافے سے بڑھ کر ایک لاکھ 16 ہزار 500 روپے ہو گئی

کراچی (این این آئی) مقامی صرافہ مارکیٹوں میں سونے کی قیمت 300 روپے کے اضافے سے بڑھ کر ایک لاکھ 16 ہزار 500 روپے ہو گئی۔ آل سندھ صراف اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق پیر کو عالمی گولڈ مارکیٹ میں 18 ڈالر کی کمی سے 1923 ڈالر ہو گئی تاہم اس

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پنجاب کے انتہائی اہم ایوان کے سامنے متعدد پرائیویٹ بلند و بالا عمارتیں سکیورٹی رسک ہیں، پرویز الٰہی

بلڈنگ بائی لاز کے مطابق پروٹیکٹڈ ایریاز میں پرائیویٹ بلڈنگ نہیں بنائی جا سکتی، سپیکر پنجاب اسمبلی کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ پنجاب کے انتہائی اہم ایوان کے سامنے متعدد پرائیویٹ بلند و بالا عمارتیں سکیورٹی رسک ہیں، بلڈنگ بائی لاز کے مطابق پروٹیکٹڈ ایریاز میں پرائیویٹ بلڈنگ نہیں بنائی جا سکتی، فول پروف سکیورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے خوبصورت بلڈنگ تعمیر کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی میں وزیر قانون محمد بشارت راجہ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ طاہر خورشید، ڈی جی ایل ڈی اے احمد عزیز تارڑ و دیگر سے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نیشنل پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طویل لوڈشیڈنگ سے زمینداروں کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے، اراکین بلوچستان اسمبلی

بلوچستان کے زرعی فیڈرز پر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف زمینداروں نے کوئٹہ میں احتجاجی مظاہرہ کیا اور دھرنا دیا، اراکین اسمبلی ملک نصیر شاہوانی

طویل لوڈشیڈنگ سے صوبے میں زراعت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے بجلی کی سپلائی بڑھائی جائے، نصراللہ زیرے سمیت دیگر خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے زرعی فیڈرز پر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف زمینداروں نے کوئٹہ میں احتجاجی مظاہرہ کیا اور دھرنا دیا شرکاء کا کہنا تھا کہ طویل لوڈشیڈنگ سے صوبے میں زراعت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے بجلی کی سپلائی بڑھائی جائے، تفصیلات کے مطابق پیسکو کی طویل لوڈشیڈنگ کیخلاف زمیندار ایکشن کمیٹی نے ایوب اسٹیڈیم کے احاطے احتجاجی مظاہرہ کیا اور ریلی نکالی، احتجاجی ریلی نکالی زمینداروں نے مطالبات کے حل کے لئے چوک پر دھرنا بھی دیا مظاہرے میں کمیٹی کے رہنماؤں اور مختلف علاقوں سے آئے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

پسنی اور گوادر کے درمیان ٹرانسمیشن لائن کے اسکائی وائر کی مرمت کا کام مکمل بجلی کی فراہمی کو دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے، ترجمان کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق پیر کے روز شدید طوفانی ہواؤں کے باعث پسنی اور گوادر کے درمیان 132 کے وی ٹرانسمیشن لائن کے اسکائی وائر ٹوٹ جانے سے گوادر شہر کو بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی جس کے بعد کیسکو کے شعبہ جی ایس او کی مختلف ٹیموں نے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

لاہور: پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

www.dailyshal.com
روزنامہ شال Daily SHAL کوئٹہ
اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم و مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز مریم ٹاؤن سریاب روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں shalquetta@gmail.com

13 اکتوبر 2020ء

اپوزیشن چاہتی کیا ہے؟

وزیراعظم عمران خان نے اپوزیشن کی حکومت گرانے کی تحریک پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن جمہوریت نہیں کرپشن بچانا چاہتی ہے۔ جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ تین بار وزیراعظم رہنے کا یہ مطلب نہیں کہ نواز شریف احتساب سے بالاتر ہوگئے۔ حکومت بار بار واضح کر چکی ہے۔ کہ پرامن احتجاج اپوزیشن کا حق ہے اور حکومت اس میں کوئی مداخلت نہیں کرے گی۔ تاہم اگر کسی نے قانون کو ہاتھ میں لیا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ضرور ہو گی۔ دوسری جانب اپوزیشن اتحاد پی ڈی ایم حکومت مخالف تحریک کے حوالے سے خاصا پرامید نظر آتا ہے۔ اور اپوزیشن کی طرف سے تاثر دیا جارہا ہے کہ 16 اکتوبر کو گوجرانوالہ جلسے کے بعد حکومت کے بچنے کا کوئی امکان نہیں ہو گا۔ سوال یہ ہے کہ کیا اپوزیشن حکومت گرانے میں واقعتاً سنجیدہ ہے جس کا زور و شور سے اظہار کیا جارہا ہے۔ اکثر لوگ پوچھتے ہیں کہ اگر اپوزیشن حکومت کو گرانا ہی چاہتی ہے تو اس کے لئے اتنی لمبی چوڑی احتجاجی تحریک کی کیا ضرورت ہے۔ اگر اپوزیشن ارکان اسمبلیوں سے مستعفی ہو جائیں تو حکومت خود بخود گر سکتی ہے۔ لیکن اس کے لئے ارکان کی مطلوبہ تعداد کا ہونا ضروری ہے۔ پیپلز پارٹی کو سندھ حکومت چھوڑنی ہو گی اور سندھ کی صورتحال سے واقف لوگ اچھی طرح جانتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کیلئے سندھ حکومت چھوڑنے کے بعد اگلے الیکشن میں منتخب ہو کر واپس آنا بہت مشکل بلکہ ایک حد تک ناممکن ہے۔ پھر اپوزیشن کا اصل ٹارگیٹ کیا ہے۔ غور سے دیکھا جائے تو اپوزیشن ہنگامہ آرائی کو فروغ دے کر ملک میں نراجیت کی کیفیت پیدا کرنا چاہتی ہے کیونکہ اس کے بغیر اس کے قائدین کو احتساب کے عمل سے نجات ملنا ممکن نظر نہیں آتا۔

عوام کو ایک گولی ڈسپرین چاہئے

خبر ہے کہ ہمارے ملک میں 963 زہر کھیلنے ایک ڈاکٹر ... کر بحال 963 مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے۔ بلوچستان میں علاج معالجے کی سہولیات بہت زیادہ گھمبیر ہے۔ اس کا ذکر کرنے کے پہلے ملکی سطح پر عوام کو میڈیکل کی سہولت میسر ہے یا نہیں اس پر کوئی خاص تبصرہ ... پاکستان دنیا کا پہلا ملک بن گیا ہے جس نے دو سال میں ادویات کی قیمتوں دو سو سے پانچ سو فیصد اضافہ کیا ہے۔ بخار، دل کے امراض، دانت، آنکھ، شوگر اور دیگر امراض کی 94 دواؤں کی قیمت میں 9 سے 262 فیصد اضافہ ہو گیا ہے 60 روپے والی دوائی کی قیمت 219 روپے کردی گئی ہے۔ انجکشن کی قیمت 217 روپے سے بڑھا کر 597 روپے کردی گئی ہے جبکہ کیپسول کی قیمت 233 سے بڑھا کر 400 روپے کردی۔ غریبوں کا موت کی طرف سفر کس قدر بے حس حکومت ہے۔ ادویات ایگزلمائز گولیوں کے پیک کی قیمت 60 روپے سے بڑھا کر 219 روپے، ایڈرالائن انجکشن کی قیمت 217 سے 597، ڈوگزکلائی کیپسول کی قیمت 233 سے بڑھا کر 400، کیلشن وان انجکشن کی قیمت اضافہ روپے م سے 115، نیروجن پیک 62 سے 100، ڈیمیکسلین 154 سے 248، کارٹن کریم 30 سے بڑھا کر 56، کیپسول پلس ٹیریسولین کی قیمت 786 سے 1080 اور نیوروبیون گولیوں کے پیک کی

قیمت 535 سے بڑھا کر 977 کر دی گئی ہے۔ بلوچستان حکومت نے سال رواں کیلئے اربوں روپے کا بجٹ مختص کیا ہے۔ صحت کے لیے 25 ارب روپے رکھے ہیں جبکہ بلوچستان کی آبادی 22 کروڑ ہے اس طرح فی بندہ یا فی مریض کیلئے صرف 113 روپے مختص کئے گئے ہیں

اب آپ کی مرضی اس سے پیناڈول یا ڈسپرین خریدیں یا اگر آپ خدانخواستہ شدید بیمار ہیں تو اپنا ہیلی کاپٹر خرید لیں۔ کوئٹہ میں ڈاکٹرز صاحبان اپنی منشاء اور مرضی سے من پسند اور منظور نظر میڈیکل اسٹورز سے ہی ادویات خریدنے کی ہدایات فرماتے ہیں اور اس پر طرہ یہ کہ بے دریغ بہت زیادہ میڈیسن لکھ کر دینے کے عادی ہیں۔ اس صورت حال کے تناظر میں دیکھا جائے تو کوئٹہ کے شہریوں کی زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہاں ایسی بھی مثالیں ملتی ہیں کہ پرائیویٹ کلینکس پر ڈاکٹرز نے 90 ہزار روپے کی دوائیں ایک ہی نام میں مریض کو لکھ دی ہیں جو کہ بعد ازاں سوشل میڈیا کا کئی

ہفتوں سے موضوع بحث بنا رہا۔ بلوچستان میں موجودہ صوبائی حکومت نے بھی غریب عوام کو میڈیکل کی سہولت فراہم کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کی گئی۔ بلوچستان حکومت کا صوبے میں معیاری اسپتال بنانے کے بجائے ایئر ایمبولینس خریدنے کا فیصلہ کیا ہے ... عوام ... اپیل ہے کہ اس کے خلاف آواز اٹھائیں۔ کیا دو ارب روپے کی ایئر ایمبولینس خریدنی چاہئے جس میں ایک مریض لے جانے کی گنجائش ہو جس صوبے میں مریض پیناڈول بھی باہر سے خریدتے ہوں۔ وہاں اس طرح کی خریداری مناسب ہے۔؟ اس ایئر ایمبولینس میں مریض کہاں لے جائیں گے ظاہر ہے کراچی تک صوبائی حکومت کو شرم آنی چاہیے اگر سندھ میں اتنی اچھی صحت کی سہولتیں ہیں تو چاہیے تو یہ تھا کہ وہ اس سے بہتر صحت کی سہولتیں اس صوبے کے مکینوں کو مہیا کرتے۔ تاکہ دو ارب کا جہاز خریدتے جس سے ایک بہترین آغا خان کے مقابلے کا ہسپتال بنایا جاسکتا تھا۔ خدارا اور بلوچستان کے غریب عوام کی پیسوں کے اس بے جا استعمال کو روکیں۔ میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ ہمارے جیسے کتنے غریب ملک ایئر ایمبولینس رکھتے ہیں۔؟ اس وقت بلوچستان حکومت کے پاس تو اربوں روپے کے جہاز ہوگئے جس کے مینٹیننس اور دیگر اخراجات پر سالانہ کروڑوں روپیہ خرچ کرنا پڑ رہا ہے۔

جنسی درندگی کے بڑھتے ہوئے واقعات

جنسی درندگی کے بڑھتے ہوئے واقعات انسانی معاشرے کیلئے زہر قاتل ہیں

شاہد علی

۔موجودہ انسانی معاشرے میں عورتیں، بچیاں، بچے جس قدر غیر محفوظ ہیں اسے دیکھ کر تو شاید جانور بھی شرما جائیں۔ جنسی درندگی یعنی زنا کا عام مفہوم جس سے ہر شخص واقف ہے وہ یہ ہے کہ ایسے مرد و عورت جن کے درمیان جائز رشتہ (نکاح) قائم نہ ہو یعنی میاں بیوی نہ ہوں باہم مباشرت (زنا) کا ارتکاب کریں۔ زنا ایسا فعل بد ہے جسے زمانہ قدیم سے انسانی معاشرے کیلئے زہر قاتل سمجھا جاتا ہے۔ زیادہ تر مذاہب اور معاشروں نے زنا کو قابل سزا جرم قرار دے رکھا ہے۔ قدیم زمانے سے آج تک تمام انسانی معاشرے متفق ہیں کہ نوع انسانی کا بقاء اور انسانی تمدن کا قیام دونوں اس بات پر منحصر ہیں کہ عورت اور مرد کو محض جسمانی لطف و لذت کے لیے ملنے اور پھر الگ ہو جانے میں آزاد نہیں ہونا چاہیے۔ اگر مرد اور عورت گھر اور خاندان کی تخلیق سے قطع نظر کرکے محض لطف و لذت کے لیے آزادانہ ملنے لگیں تو انسانی معاشرے اور جنگلی جانوروں کے طرز زندگی میں کیا فرق رہ جائے گا؟ ایسی صورت میں اجتماعی زندگی کی جڑ کٹ جائے گی اور وہ بنیاد ہی باقی نہ رہے گی جس پر تہذیب و تمدن کی یہ عمارت اٹھی ہے۔ انہی وجوہات کی بنا پر انسان اس زنا کو ہر زمانے میں سخت عیب، ایک بڑی بداخلاقی، مذہبی اصطلاح میں ایک شدید گناہ اور قانوناً جرم سمجھتا ہے۔ انہی وجوہات کی بنا انسانی معاشرے خاص طور پر مسلم ریاستوں نے ہر زمانے میں زنا کے سدباب کیلئے نکاح کی اہمیت کو سمجھتے کے ساتھ ساتھ زنا کے مرتکب مرد و عورت کیلئے سزائیں تجویز کی ہیں۔ موجودہ دور میں بھی اسلامی ممالک میں ...

میں شامل ہے۔
ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کے صوبہ پنجاب میں جو گورننس کے اعتبار سے باقی صوبوں سے معتبر سمجھا جاتا ہے وہاں ایک سال کے دوران 14,850 عورتیں، بچے اور بچیاں اغوا ہوئے اور ان میں سے دس ہزار کیسں میں زنا جیسا سنگین جرم سامنے آیا انہی اعداد و شمار کے پندرہ فیصد کیسں میں ظلم کا شکار ہونے والوں کو قتل کر دیا گیا، لیکن چند کیس جن کا شور غل سوشل میڈیا یا الیکٹرونک میں ہوا، مثلاً زینب، کیس، یا حالیہ دنوں میں فرانسیسی شہریت رکھنے والی خاتون کیساتھ موٹروے پر ہوا، ہمیشہ کی طرح سانحہ موٹروے کے بعد ایکشن لینے کے لیے قانون نافذ کرنے والے ادارے حرکت میں آئے، کچھ سیاستدان موجودہ اور ماضی میں زبانی جمع خرچ کرکے پوائنٹ سکورنگ کے لیے میڈیا میں آکر تقریریں کرتے رہے اور ہمیشہ کی طرح ہی عملاً نتیجہ صفر ہی رہا۔ بہت سارے ایسے لوگ جن کی سوشل یا الیکٹرونکس میڈیا تک رسائی نہیں اُن کی عزت لٹ جانے پر تو پوائنٹ سکورنگ تک نہیں ہوتی اور شاید حقیقت انسانی معاشرے کا منہ کالا کرنے کیلئے کافی ہو کہ زیادہ تر مظلوم تھانہ اور عدالت جانے سے ڈرتے ہیں۔ اس سب کی وجہ کیا ہے؟ کیا صرف زنا پر حدود اللہ کے قانون کا نفاذ نہ کرنا ہے؟
کیا پاکستانی قانون میں زنا کی سزا نہیں ہے؟ اس کے بڑھنے کی وجوہات کئی عوامل سے جڑی ہوئی ہیں، پاکستان میں حدود قوانین موجود ہیں جو 1979 میں جنرل ضیاء کے دور میں بنائے گئے اس میں قرآن پاک کی سورۃ النور کی آیت نمبر دو کے مطابق زنا کی سزا شادی شدہ کے لیے سرِعام سنگسار کرنا اور غیر شادی شدہ کے لیے سو کوڑے تھے اور زنا ثابت کرنے کے لیے چار گواہ لانے ضروری تھے جو کہ مختلف اختلافات کے بعد ... 2006 میں women protection act

تھا لیکن women protection act بظاہر عورت کے حق میں بنایا گیا لیکن حدود اللہ کے برعکس اس میں زنا کی سزا پر نرمی دی گئی اور زنا کو خود ایک گناہ سمجھنے کی بجائے عورت کی مرضی پر چھوڑ دیا گیا کہ اگر زنا عورت کی مرضی کے خلاف کیا گیا تو اس پر سزا ہو گی اور اس کی سزا تبدیل کرکے عمر قید یا سزائے موت رکھ دی گئی، جس سے زنا کو کسی حد تک تقویت ملی، لیکن بات صرف یہاں تک محدود نہیں ہے اور بہت سے عوامل اس میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں جن میں غربت، مہنگائی، نکاح کے راستے میں رکاوٹ پیدا کرتے فضول رسم و رواج، نمائش، فحش فلمیں، ڈرامے اور دیگر پروگرام، قانون کی کمزوریاں اور اہل اختیار کی بداعمالیاں سرفہرست ہیں ان کے علاوہ بھی بہت سارے عوامل زنا کو سپورٹ کررہے ہیں موجودہ حکومت بھی اس بات کو سنجیدگی نہیں لے رہی تھی۔
سانحہ موٹروے کے فوری بعد حکومت کو خواب غفلت سے جگا کر سستی اور غیر سنجیدہ رویہ ترک کرکے مظلوم کی داد رسی اور انصاف کے راستے میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کی غرض سے رانا انتظار ایڈووکیٹ ممبر پنجاب بار کی جیسٹ لاء کمپنی کی ایسوسی ایشن میں سے رانا کاشف اور علی اکبر ملک ایڈووکیٹ کی جانب سے وزیراعظم عمران خان کو خط لکھا گیا خط میں موجودہ ایمرجنسی ہیلپ لائنز کے غیر معیاری، غیر موثر اور سست ہونے کی شکایت اور ایسی ہیلپ لائن جو متعلقہ تمام اداروں سے لنک ہو اس کے قیام کی بھی تجویز دی گئی۔ برخلاف توقع خط پر وزیراعظم آفس نے فوری ایکشن لیا اور وزیراعظم پاکستان عمران خان نے ون ونڈو آپریشن کے قیام کا اعلان کردیا جس کے مطابق تمام تر شکایات کا ازالہ متعلقہ 33 ...

عدل تو کب کا بانجھ ہو گیا ہے

بہت دنوں سے لکھنے کی کوشش کر رہا ہوں مگر کبھی قلم ساتھ نہیں دیتا تو کبھی الفاظ نہیں ملتے۔ "ابا آپ کل سر اٹھا کے جیو گے" ان الفاظ

نسیم الحق زاہدی

نے سینہ چیر کے رکھ دیا ہے۔ یہ الفاظ فرسودہ اور ناکام نظام حکومت کے منہ پر زوردار طمانچہ ہیں۔ یقین جانیے یہ تھانے وڈیروں، جاگیرداروں اور با اثر افراد کی ذاتی عدالتیں ہیں جہاں بیٹھ کر وہ اپنی مرضی کے فیصلے صادر کرتے ہیں۔ یہ پولیس والے آج کے نہیں بلکہ روز اول سے وڈیروں، جاگیرداروں اور با اثر افراد کے ذاتی غلام ہیں ان کا کام ہی قانون کا لبادہ اوڑھ کر مجرموں کی پشت پناہی کرنا ہے۔ ایسے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں واقعات ہیں جن میں پولیس والوں نے مظلوموں کی دادرسی کرنے کی بجائے الٹا ان کے ساتھ ظلم کیا، ایف آئی آر درج کرنے کی بجائے الٹا ڈرانا دھمکانا، گندی اور غلیظ گفتگو اخلاقیات سے گرے ہوئے سوالات، ہراساں کرنا اور صفائی کے نام پر رشوت کھانا، پیسے کی خاطر جھوٹے پولیس مقابلوں میں بے گناہوں کو مار دینا تو بالکل عام سی باتیں ہیں۔
عوام پولیس ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں کیسی کیسی باتیں کرتی ہے زیادہ اچھی امیج نہیں یقین جانیے، اگر کسی غریب آدمی کی جیب کٹ جائے اور غلطی سے وہ تھانے میں رپورٹ لکھوانے آ جائے تو اس کے ساتھ ایسا سلوک کیا جاتا ہے کہ جیسے وہ خود مجرم ہو تمہارے جیب کہاں کٹی؟ کیا وقت تھا؟ تم وہاں کیا کر رہے تھے؟ تمہاری جیب میں پیسے کتنے تھے؟ اور تمہارے پاس اتنے پیسے کہاں سے آئے؟ ایسے اوپ شاپ سوال پوچھ کر اس کی بولتی بند کر دیتے ہیں۔ پھر اسے کہتے ہیں باہر سے کچھ کھانے کو لیکر آؤ اور کچھ سگریٹ بھی لانا، مجبوراً اس آدمی کو جانا پڑتا ہے۔ اور اس کے جاتے ہی پولیس والے آپس میں یہ باتیں کرتے ہیں کہ اس علاقے کا جیب کترا کون ہے؟ ماجو، ارے نہیں نہیں ماجو نہیں وہ تو گاؤں گیا ہوا ہے۔ راجو نے کافی ہو گی، راجو کو بلایا جاتا ہے اسے گرفتار نہیں کیا جاتا بلکہ اس سے اپنا حصہ لیا جاتا ہے۔ صبح آفس جانے کی جلدی میں کوئی موٹر سائیکل والا غلطی سے سگنل سے تھوڑا آگے نکل جائے تو قیامت آجاتی ہے۔ موٹر سائیکل سائیڈ پر لگاؤ، لائسنس دکھاؤ، موٹر سائیکل کی لائٹ جلتی ہے؟ ہوا ہے ٹائر میں؟ پٹرول ہے؟۔ ایسے پوچھ تاچھ کرتے ہیں جیسے وہ بیچارہ سگنل نہیں بارڈر کراس کرنے کی کوشش کر رہا ہو۔ اور یہ سختی قانون کے لیے نہیں، اپنی جیب کے لیے کی جاتی ہے، بس پچاس جو بھی مل جائے۔ پولیس تھانوں میں ڈالوں، مجرموں کی آؤ بھگت کی جاتی ہے انہیں کرسی پیش کی جاتی ہے۔ کرائم اگر دن بدن بڑھتا جارہا ہے تو اس کے ذمہ دار یہ لوگ ہیں۔ کل تک لوگوں کی جیبیں کاٹنے والا آج لوگوں کی گلے کاٹ رہا ہے تو اس کے ذمہ دار یہ لوگ ہیں۔ کل تک چرس فروخت کرنے والا آج ہتھیار بیچ رہا ہے تو اس کے ذمہ دار یہ لوگ ہیں۔
ایک چنگچی چلانے والا دیکھتے دیکھتے با اختیار بن جاتا ہے تو اس کے ذمہ دار یہ لوگ ہیں۔ انگوبر ماہ ملنے والی تنخواہ کوئی ایم این اے یا منسٹر نہیں دیتا بلکہ یہ عوام کے پیسے ہیں۔ اس عوام کے جن سے یہ لوگ کبھی تمیز سے بات بھی نہیں کرتے۔ عوام نے دیس کی حفاظت کے لیے بارڈر پر جوانوں کو رکھا ہے۔ اور سماج کی حفاظت کے لیے پولیس والوں کو، جوان تو اپنا کام کرتے ہیں۔ یقین جانیے اپنے جوانوں کو دیکھ کر ایک تحفظ اور محافظ کا احساس ہوتا ہے اور ایک پولیس والے کو دیکھ ڈر لگتا ہے کہ کہیں اگلے لمحے گولی ہی نہ مار دے اور اگر یہ گولی مار بھی دے گا تو کونسی اس کو سزا ہونی ہے؟ زیادہ سے زیادہ معطل یا لائن حاضر جو چند عرصہ بعد بحال ہو کر پہلے سے زیادہ طاقتور ہو جائے گا۔ اور مرنے والے انسان جس نے ساری زندگی میں کبھی ایک چیونٹی بھی نہ ماری ہو گی، کو سینئر پولیس افسران پریس کانفرس

کے ذریعے سب سے بڑا دہشت گرد ثابت کردیں اور پھر اس بے گناہ مرنے والے کی بوڑھی ماں، بہن، بیوی، بیٹی انصاف کی امید لگائے سالوں عدالتوں کے چکر لگاتی ہیں آخر خود بھی موت کی آغوش میں چلی جاتی ہیں مگر انصاف پھر بھی نہیں ملتا۔ ایسے نظام کو اٹھا کر گندے نالے میں پھینک دینا چاہیے۔
یہ قانون کے رکھوالے کب تک دلالی کرتے رہیں گے؟؟؟۔ اگر اس تھانے کے ایس ایچ او نے اس با اثر انسان کے خلاف بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی ہوتی تو بے گناہ مظلوم بچی کبھی خودکشی نہ کرتی اس کو علم تھا کہ یہ ناانصافی پر قائم معاشرہ ہے۔ کفر پر قائم معاشرے میں انصاف تو ممکن ہے، مگر ناانصافی پر معاشرے میں انصاف نہیں ملتا۔ چند ٹکوں کی خاطر اپنا دین دھرم بیچنے والے یہ عوام کی حفاظت کی وردی پہننے والے کل روز قیامت اللہ تعالیٰ کو کیا جواب دیں گے؟ "ابا آپ کل سر اٹھا کے جیو گے" یہ اس معصوم صنف نازک نے کتنی اذیت میں الفاظ ادا کیے ہو نگے بہاولپور کی اس مظلوم بیٹی کا جرا ئیم کش سپرے پینے سے پہلے یہ دل تو چاہا ہو گا کہ وہ چیخ چیخ کر اپنے رب سے یہ پوچھے کہ تو انسانی درندے کیوں پیدا کرتا ہے؟۔ تو ظالم کو صاحب اقتدار کیوں بناتا ہے؟۔ منصف ہے تو حشر اٹھا کیوں نہیں دیتا۔ ایسے ہزاروں لاکھوں واقعات ہیں۔ جن میں راہبر راہزن بن گے اور محافظ لٹیرے۔ موٹروے پر خاتون کے ساتھ زیادتی میں ملوث ایک ملزم عابد پہلے بھی گینگ ریپ کی ایک واردات میں ملوث رہا ہے اور سزا سے بچ گیا تھا۔ یہی اصل وجہ ہے۔ اس قسم کے دس میں سے صرف ایک یا دو واقعات میں ملزمان کو سزا ملتی اور سزا دلوانے کے لیے بھی مظلوم زور لگاتا ہے، ریاست زور نہیں لگاتی۔ چند ماہ پہلے کی بات ہے سندھ کے شہر سیہون میں ایک عورت نے پسند کی شادی کر لی۔
اس کے والد کی شکایت پر پولیس نے عورت کو گرفتار کیا سول جج کی عدالت میں پیش کیا۔ سول جج نے والد اور پولیس سے کہا کہ آپ عدالت سے باہر جائیں میں ملزمہ سے اس کی مرضی معلوم کیا چاہتا ہوں۔ جج نے عورت سے پوچھا کہ تم نے والد کے ساتھ جانا ہے یا خاوند کے ساتھ؟ عورت نے کہا خاوند کے ساتھ جانا ہے تو جج صاحب نے عورت کو اپنے چیمبر میں بلایا اور ریپ کردیا۔ عورت کی شکایت پر مقدمہ درج ہو گیا لیکن جج کو سزا نہیں ملی۔ زیادہ پرانی بات نہیں اور تازہ اور کراچی کے علاقہ لانڈھی میں تازہ قبروں سے عورتوں کی لاشیں نکال کر ان کی عصمت دری کرنے والے افراد گرفتار کیے گئے۔
دونوں کو سزا نہیں ملی۔ 3 ستمبر لاہور کے علاقہ رائیونڈ میں ایک دلسوز واقعہ پیش آیا جہاں پر ایک شخص جو کہ اوکاڑہ کا رہنے والا تھا اپنی فیملی کے ساتھ یہاں پر کھیتوں میں کام کر کے گزر بسر کرتا تھا۔ اور اپنی فیملی کے ساتھ ایک چھوٹے سے کمرے میں رہائش پذیر تھا۔ تین انسانی حیوان اس کے گھر داخل ہوئے اور اس کے بیٹے کے سامنے اسکی ماں اور شوہر کے سامنے اسکی بیوی کو باری باری اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا اور گھر میں جتنا بھی سامان تھا سب لوٹ کر فرار ہوگئے اور جاتے ہوئے دھمکیاں بھی دیتے رہے۔ ایف آئی آر تو درج ہو گئی مگر اس دن کے بعد مدعی اپنی زندگی کو بچانے کے لیے کہیں چھپ گیا ہے۔ اس سلسلہ میں جب میڈیا نے پولیس احکام سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا یہ بہت پرانا واقعہ ہے۔ ایس پی انویسٹی گیشن کو جب میڈیا پر آ کر اس سلسلہ میں ہونے والی پیش رفت کے بارے میں عوام کو آگاہ کرنے کی دعوت دی گئی تو انہوں نے یہ کہہ کر کہ افسران بالا کا حکم ہے کہ کسی میڈیا پرسن سے بات نہیں کرنی کیمرہ کے سامنے نہیں آنا، صاف انکار کردیا۔ چودہ روز تک ڈی این اے رپورٹ نہ آسکی۔
ظلم صاحب اولاد ہے میرے دیس میں
نسیم عدل تو کب کا بانجھ ہو گیا ہے۔

خواتین پر تشدد کی روک تھام میں پولیس کا کردار

خواتین پر ہونے والے ذہنی، جسمانی، جنسی اور گھریلو تشدد کی روک تھام کے لئے حکومت پاکستان کی جانب سے ماضی میں بھی قانون سازی تو کی جاتی رہی ہے لیکن اس کے باوجود

محمد مظہر رشید چودھری

وطن عزیز پاکستان میں جنسی و جسمانی تشدد کا خاتمہ تو دور کی بات بلکہ اس میں گزشتہ چند سالوں میں اضافہ دیکھنے کو ملا، ایک غیر سرکاری رپورٹ کے مطابق پنجاب میں سالانہ 9 ہزار سے زائد خواتین مختلف اقسام کے تشدد کا شکار ہوتی ہیں جبکہ چھوٹی بچیوں سے زیادتی کے واقعات میں بھی خوفناک اضافہ ہو رہا ہے، پاکستان بھر میں روزانہ تیرہ بچوں کو جنسی و جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے اگر تمام واقعات رپورٹ ہوں تو یہ تعداد اس سے زائد ہو پنجاب کے بڑے شہروں لاہور، ملتان، راولپنڈی اور فیصل آباد میں خواتین کے خلاف تشدد کے واقعات سب سے زیادہ رپورٹ ہو رہے ہیں جو کہ لمحہ فکریہ ہے۔
ہمارے ہاں معاشرتی رویوں میں تبدیلی کے بغیر خواتین اور خاص طور پر کم عمر بچیوں پر جسمانی و جنسی تشدد کا خاتمہ ناممکن نظر آتا ہے خاص طور پر گھروں میں کام کرنے والی کم عمر ...

آئے روز ایسے واقعات رپورٹ ہوتے رہے ہیں، سماج کے قارئین کرام! آج بھی پسماندہ علاقوں میں قرآن سے شادی، کاروکاری جیسی رسومات کے ذریعے عورت کا استحصال کیا جارہا ہے، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے مطابق گزشتہ سال ایک مرتبہ پھر خواتین پر تشدد کے حوالے سے پاکستان سرفہرست ملک رہا، غیرت کے نام پر قتل، تیزاب پھینکنے، نوکریوں کے حوالے سے معاشرتی پابندیوں، عدم مساوات، غربت اور زبردستی کی شادیوں کی وجہ سے خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا گیا، یہ بات بالکل درست ہے کہ خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لئے حکومتی اقدامات ناگزیر ہیں، جب تک قانون حرکت میں نہیں آئے گا عورت کو مساوی حقوق اور انصاف نہیں مل سکتا، موجودہ دور میں میڈیا خواتین کے حقوق کے حوالے سے موثر شعور اجاگر کر سکتا ہے، کسی بھی ملک میں امن قائم رکھنے، تشدد اور جرائم کے خاتمے اور انصاف کی فراہمی میں پولیس کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔
وطن عزیز پاکستان میں محکمہ پولیس کے اہلکاروں کو جب تک خواتین کے حقوق کے حوالے سے آگہی نہیں دی جائے گی اس وقت تک چھوٹے شہروں، گاؤں، قصبوں میں عورت یونہی تشدد ...

خلیفہ کا بیٹا

ایک درویش اور اس کا چیلا کسی دور کے شہر میں جا رہے تھے ایک سنسان جگہ سے گذرتے ہوئے چیلے نے درویش سے کہا ڈر لگ رہا ہے

درویش نے رکے بغیر کہا ڈر کو پھینک دو سکون میں رہو گے سچ ہے درویش دنیا سے بے رغبتی، لالچ، کینہ، حسد اور حرص سے بے نیازی میں پوشیدہ ہے۔ صدیوں پہلے ایک تاجر کے گھر کی دیوار اچانک گر گئی بے پردگی سے اسے بڑی پریشانی لاحق ہوئی اور وہ اسے دوبارہ بنوانے کے لئے کسی مزدور کی تلاش میں نکلا اور اس چوراہے پر جا پہنچا جہاں درجنوں مزدور کام کے انتظار میں بیٹھے تھے۔ ان میں ایک نوجوان سب سے الگ تھلگ کھڑا تھا اس کے چہرے پر بلا کی کشش اور ایک آسودگی تھی شکل و صورت سے وہ مزدور کی بجائے کسی اچھے خاندان کا چشم و چراغ لگ رہا تھا نہ جانے کیا افتاد پڑی کہ وہ مزدور بن گیا اس کے ایک ہاتھ میں تھیلا اور دوسرے ہاتھ میں تیشہ تھا وہ بھی کام کا منتظر تھا تاجر نے اسی نوجوان سے پوچھا "کیا تم کام کرو گے؟" نوجوان نے اثبات میں سر ہلایا فطری تجسس کے باعث اس نے نوجوان سے کہا تم مزدور تو نہیں لگتے اس نے ترت جواب دیا، میں کون ہوں کیا ہوں تمہیں اس سے کوئی غرض نہیں ہونی چاہیے کسی کی ٹوہ میں رہنا کوئی اچھی بات نہیں۔
تاجر نے کہا میرے گھر کی دیوار گر گئی ہے تمہیں وہ تعمیر کرنا ہو گی نوجوان کہنے لگا، ٹھیک ہے! میں کام کرنے کو تیار ہوں اپنی اجرت لوں گا لیکن میری تین شرطیں ہیں اگر تمہیں منظور ہوں تو میں کام کرنے کے لئے تیار ہوں، پہلی شرط یہ ہے کہ تم میری مزدوری پوری ادا کرو گے، دوسری شرط یہ ہے کہ مجھ سے میری طاقت اور صحت کے مطابق کام لوگے اور تیسری شرط یہ ہے کہ نماز کے وقت مجھے نماز ادا کرنے سے نہیں روکو گے۔
تاجر نے کہا مجھے کوئی اعتراض نہیں یہ تینوں شرطیں قبول ہیں وہ اسے ساتھ لے کر گھر آ گیا، نوجوان کو کام سمجھایا اور وہ خود کسی ضروری کام سے باہر چلا گیا۔ جب تاجر واپس آیا تو دیکھا کہ اس نوجوان نے کام مکمل کر لیا تھا حالانکہ اسے لگ رہا تھا شاید یہ دیوار دو دنوں میں مکمل ہو گی اس نے عام مزدوروں سے دوگنا کام اچھے انداز میں کیا تھا وہ خوش ہو گیا تاجر نے خوشی سے اس کی اجرت ادا کی اور وہ سلام کرکے چلا گیا۔ کچھ ماہ بعد پھر کسی کام کروانے کی ضرورت پڑی تو تاجر اس نوجوان کی تلاش میں دوبارہ اسی چوراہے پر گیا لیکن اسے وہ نوجوان کہیں نظر نہ آیا۔ اس نے دوسرے مزدوروں سے اس کے بابت دریافت کیا تو انہوں نے اس نوجوان کے بارے میں ایک حیرت انگیز بات بتائی ایک مزدور کا کہنا تھا نوجوان ہفتے میں صرف ایک دن مزدوری کرتا ہے اس کا مطلب تھا وہ زندہ رہنے کیلئے کھانا کھاتا تھا یقیناً وہ عام مزدور نہیں بلکہ کوئی بڑا آدمی ہو گا یہاں تو عموماً لوگ کھانے کیلئے جیتے ہیں شادی بیاہ کی تقریبات میں کھانے کی میزوں پر جو طوفان بدتمیزی بپا ہوتا ہے وہ آپ سب کے سامنے ہے کھانے سے بے رغبتی اولیاء کرام کی صفات میں سے ایک صفت ہے۔ تاجر نے ان سے اس کا پتہ معلوم کیا وہ مطلوبہ جگہ پہنچا تو دیکھا کہ وہ نوجوان پتھریلی زمین پر سر کے نیچے ایک اینٹ رکھے لیٹا ہوا تھا تاجر نے آواز دی وہ بے حس و حرکت پڑا رہا تیسری آواز پر بھی اس نے آنکھیں نہ کھولیں تو تاجر نے اسے ہلایا مزدور نوجوان تو سخت بخار میں تپ رہا تھا تاجر نے قریب پڑے ہوئے گھڑے سے پانی لیا اور اپنے رومال سے اس کی پیشانی پر پٹیاں کرنے لگا بخار کو کم کرنے کا یہ ایک تیربہدف نسخہ قدیم زمانے سے مروج ہے۔ تھوڑی دیر بعد نوجوان نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھول دیں۔ تاجر نے اس سے کہا،

بھائی! تو یہاں اکیلا ہے تنہائی بھی ایک بہت بڑا آزار ہے اور اوپر سے تم بیمار بھی اگر پسند کرو تو میرے ساتھ میرے گھر چلو اور مجھے اپنی خدمت کا موقع دو۔ اس نے تڑپ کر کہا ایسا نہ کہو تنہائی آزار نہیں قرب الٰہی کا ایک ذریعہ ہے بندہ اللہ سے لو لگائے تو تنہائی ایک نعمت محسوس ہوتی ہے۔ میں کسی پر بوجھ نہیں بننا چاہتا میں جہاں ہوں بالکل ٹھیک ہوں۔ نوجوان کے کئی مرتبہ انکار کے باوجود تاجر کے مسلسل اصرار پر وہ اس کے ساتھ جانے کے لئے مان گیا۔ اس نے کہا میری ایک شرط ہے کہ تم مجھے کچھ بھی کھلانے کی ضد نہیں کرو گے۔ تاجر نے اس کی یہ شرط منظور کر لی اور اسے اپنے گھر لے آیا۔ مزدور نوجوان تین دن تاجر کے گھر قیام پذیر رہا لیکن اس نے نہ تو کسی چیز کا مطالبہ کیا اور نہ ہی کوئی چیز لے کر کھائی بس اپنے ایک تھیلے سے کچھ کبھی کچھ جو اور کبھی سوکھی روٹی کے ٹکڑے پانی میں بھگو کر کھا لیتا۔ چوتھے روز اس کے بخار میں شدت آ گئی تو اس نے اشارے سے تاجر کو اپنے پاس بلایا اور کہنے لگا: "آپ کی مہربانی اور میزبانی کا اجر تو اللہ دے گا لیکن میں آپ کا مشکور ہوں بھائی! لگتا ہے کہ اب میرا آخری وقت قریب آ گیا ہے وعدہ کرو تم میری وصیت پر عمل کرو گے۔ تاجر نے اثبات میں سر ہلایا تو مزدور نوجوان نے تاجر کا ہاتھ تھام کر کہا جب میری روح جسم سے نکل جائے تو میرے گلے میں رسی ڈالنا اور گھسیٹتے ہوئے باہر لے جانا اور اپنے گھر کے ارد گرد چکر لگوانا اور یہ صدا دینا کہ لوگو! دیکھ لو اپنے رب تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والوں کا یہ حشر ہوتا ہے۔ شاید اس طرح میرا رب عزوجل مجھے معاف کر دے تاجر اس کی وصیت سن کر سناٹے میں آگیا وہ روتے روتے کہنے لگا یہ تم نے مجھے کس امتحان میں ڈال دیا ہے میں ایسا نہ کر سکوں گا۔
مزدور نوجوان نے کہا انکار مت کرو تم میرے ساتھ وعدہ کر چکے ہو اب تم نے میری وصیت پر عمل نہ کیا تو اس عہد شکنی پر میں تمہیں کبھی معاف نہ کروں گا اور ہاں غور سے سنو جب تم مجھے غسل دے چکو تو مجھے انہی کپڑوں میں دفن کر دینا پھر جلد از جلد خلیفہ ہارون الرشید کے پاس جانا اور یہ قرآن مجید اور انگوٹھی انہیں دینا اور میرا یہ پیغام بھی دینا کہ، "اللہ عزوجلالہ عزوجل سے ڈرو! کہیں ایسا نہ ہو کہ غفلت اور نشے کی حالت میں موت آ جائے اور بعد میں پچھتانا پڑے، لیکن پھر اس سے کچھ حاصل نہ ہو گا۔
وہ نوجوان دیکھتے ہی دیکھتے تاجر کی آنکھوں کے سامنے یہ وصیت کرنے کے بعد انتقال کر گیا۔ تاجر اس کی موت کے بعد کافی دیر تک آنسو بہاتا رہا کئی گھنٹے وہ ملول و پریشان بیٹھا رہا پھر اس نے ایک قریب عالم دین سے اس عجیب و غریب وصیت بارے بتایا عالم دین نے تاجر سے کہا تم مرحوم سے وعدہ کر چکے ہو تمہیں اس کی وصیت پر عمل کرنا ہو گا نہ چاہتے ہوئے بھی تاجر نے اس کی وصیت پوری کرنے کے لئے ایک رسی لی اور اس کی گردن میں ڈالنے کا قصد کیا تو کمرے کے ایک کونے سے ندا آئی ایسا نہ کرنا ورنہ برباد ہو جاؤ گے مرحوم کے گلے میں رسی مت ڈالنا، کیا اولیاء سے ایسے سلوک کے حقدار ہوتے ہیں؟ یہ آواز سن کر تاجر کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اس کے بدن پر کپکپی طاری ہو گئی۔ تاجر نے مزدور نوجوان کے پاؤں کو بوسہ دیا اس کی تدفین سے فراغت کے بعد تاجر اس کے قرآن پاک کا نسخہ اور انگوٹھی لے کر خلیفہ کے محل کی جانب روانہ ہو گیا۔ وہاں جا کر تاجر نے اس نوجوان کا واقعہ ایک کاغذ پر لکھا اور محل کے داروغہ سے خلیفہ ہارون الرشید کو ملنے کی اجازت چاہی داروغہ اس نے تاجر کو جھڑک دیا اور اندر جانے کی اجازت دینے کے بجائے اپنے پاس بٹھا لیا ایک دربان نے شاہی انگوٹھی پہچان کر خلیفہ کو تمام ماجرہ سنا ڈالا۔ خلیفہ نے فی الفور تاجر کو اپنے دربار میں طلب کیا اور کہنے لگا، کیا تم مجھے اتنا ظالم سمجھ بیٹھے ہو مجھ سے ملنے کی بجائے رقعے کا سہارا لیا؟ تاجر نے عرض کیا، اے خلیفہ اللہ تعالیٰ آپ کا اقبال بلند کرے، میں کسی ظلم کی فریاد لے کر نہیں آیا بلکہ ایک پیغام لے کر حاضر ہوا ہوں۔ خلیفہ نے پوچھا

کون سا پیغام، کیسا پیغام؟
تاجر نے وہ قرآن مجید اور انگوٹھی نکال کر اس کے سامنے رکھ دی۔ خلیفہ ہارون الرشید دونوں چیزوں دیکھتے ہی اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ بڑے مضطرب انداز میں بے قرار ہو کر پوچھا یہ چیزیں تجھے کس نے دی ہیں؟
تاجر نے عرض کی، ایک گارا بنانے والے مزدور نے۔ خلیفہ نے ان الفاظ کو تین بار دہرایا، گارا بنانے والا مزدور، گارا بنانے والا مزدور۔ اور وہ یہ کہتے ہوئے خلیفہ کی آنکھیں چھلک پڑیں۔ کافی دیر کے بعد تاجر سے پوچھا، وہ گارا بنانے والا مزدور اب کہاں ہے؟
تاجر نے جواب دیا، وہ مزدور تو اپنے خالق حقیقی سے جا ملا۔ یہ سن کر خلیفہ کی روتے روتے ہچکیاں بندھ گئیں پھر کہا ہائے میرا لخت جگر اور بے ہوش ہو کر گر گیا اور عصر تک بے ہوش رہا۔ تاجر اس دوران حیران و پریشان وہیں موجود رہا درباری تاجر کو کوسنے لگے کہ تم نے کیسی خبر سنائی ہے خلیفہ کا روتے روتے برا حال ہو گیا ہے اب تمہاری خیر نہیں تاجر پریشان ہو گیا دل ہی دل میں اللہ سے مدد کا طالب ہوا پھر جب خلیفہ ہارون الرشید کو کچھ ہوش آیا تو تاجر کو طلب کیا اس سے دریافت کیا، اس کی وفات کے وقت تم اس کے پاس تھے؟ تاجر نے ڈرتے ڈرتے اثبات میں سر ہلا دیا تو کہنے لگا، اس نے تجھے کوئی وصیت بھی کی تھی؟ تاجر نے اسے نوجوان کی وصیت بتائی اور وہ پیغام بھی دے دیا جو اس نوجوان نے خلیفہ کے لئے چھوڑا تھا۔
جب خلیفہ نے یہ ساری باتیں سنیں تو مزید غمگین ہو گیا اور اپنے سر سے عمامہ اتار دیا، اپنے کپڑے چاک کر ڈالے اور بڑے دل سوز لہجے میں کہنے لگا، اے مجھے نصیحت کرنے والے! اے میرے لخت جگر، زاہد و پارسا! اے میرے شفیق!...... اس طرح کے بہت سے القابات خلیفہ ہارون الرشید نے اس مرنے والے نوجوان کو دے ڈالے اس کا چہرہ انتہائی رنجیدہ، غم سے ایسے لگ رہا تھا جیسے برسوں کا مریض ہو خلیفہ کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بھی بہہ رہے تھے محل کے اندر سے بھی دبی دبی سسکیوں کی آوازیں آنے لگیں۔ یہ سارا معاملہ دیکھ کر تاجر کی حیرانی اور پریشانی میں مزید اضافہ ہو گیا کہ خلیفہ ایک عام سے مزدور کے لئے اس قدر غم زدہ کیوں ہے؟ اس کا نوجوان سے کیا رشتہ ہے؟۔ خلیفہ نے میری طرف اشارہ کرکے کہا تاجر ہمارا مہمان ہے اس کے آرام کا مکمل خیال رکھا جائے یہ کہہ کر خلیفہ محل کے اندر چلا گیا محل سے سسکیوں کی آواز میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ آدھی رات کا وقت ہو گا جب خلیفہ نے تاجر سے اس نوجوان کی قبر پر لے جانے کی خواہش ظاہر کی خلیفہ ہارون الرشید چادر میں منہ چھپائے میرے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ جب ہم قبرستان میں پہنچے تو میں نے ایک قبر کی طرف اشارہ کر کے کہا عالی جاہ یہ اس نوجوان کی قبر ہے۔ یہ سنتے ہی خلیفہ ہارون الرشید اس کی قبر سے لپٹ کر رونے لگا۔ پھر کچھ دیر رونے کے بعد اس کی قبر کے سرہانے کھڑا ہو کر فاتحہ خوانی کرنے لگا۔ خلیفہ ہارون الرشید قبر سے اٹھا اس نے کپڑوں سے مٹی جھاڑتے ہوئے تاجر کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا شاید تم نہیں جانتے یہ نوجوان میرا بیٹا تھا، میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور میرے جگر کا ٹکڑا تھا، ایک دن یہ رقص و سرود کی محفل میں گم تھا کہ مکتب میں کسی بچے نے یہ آیت کریمہ (پ ۲۷، الحدید ۱۶) تلاوت کی، کیا ایمان والوں کو ابھی وہ وقت نہ آیا کہ اللہ کی یاد کے لئے ان کے دل جھک جائیں۔۔
جب اس نے یہ آیت سنی تو اس کی حالت غیر ہو گئی وہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے تھر تھر کانپنے لگا اور آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی اس کے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے اور یہ پکار پکار کر کہنے لگا، "کیوں نہیں؟ کیوں نہیں؟ اور یہ کہتے ہوئے محل سے باہر نکل گیا۔ ہم نے سوچا یہیں کہیں ہو گا آجائے گا پھر کئی سال بیت گئے ہم نے اسے بہت تلاش کیا لیکن ہمیں اس کے بارے میں کوئی خبر نہ ملی آج تم نے اس کی وفات کی خبر دی ہے۔ (حکایات الصالحین، ص ۹۰ ماخوذ ایم سرور صدیقی کی زیر طبع کتاب کے چند اوراق)

کرونا ایس او پیز تعلیمی اداروں تک محدود کیوں؟ (آخری قسط)

عقیل خان

کریا گاڑیوں میں ٹھونس کر جب سکول آتے ہیں تو اس وقت فاصلے کے ایس او پیز کہاں چلے جاتے ہیں؟ جناب والا اوسطاً سو بچہ ایک ہی باتھ روم کی ٹونٹی اور لوٹا استعمال کر کے کیا کرونا سے بچ جائے گا؟ پانچ گھنٹے بچے سکول میں ایس او پیز پر اساتذہ کی ذمہ داری سے یا خوف سے عمل تو کر سکتے ہیں مگر باقی کے 19 گھنٹے جو سکول سے باہر ہیں ان میں وہ کس طرح کرونا سے محفوظ ہونگے؟

زمینی حقائق کچھ اور ہیں اور آپ کے حقائق کچھ اور۔ تین سے چار بچے موٹر سائیکل پر چیک ... ہوٹلوں، سیر و تفریح کے مقامات سمیت دفاتر میں کوئی ایس او پیز نظر نہیں آ رہے۔ پچھلے دنوں ایک موٹر سائیکل پر سوار ہو کر دو لوگ سکول چیک کرتے پھر رہے تھے کوئی پوچھے کہ کیا ان کے لیے فاصلے کے ایس او پیز نہیں ہوتے۔ گاڑی میں چھ چھ ملازمین بیٹھ کر جب سکولوں کی وزٹ کے لیے نکلتے ہیں تو کیا سکول کے بچوں کے ذہن میں یہ سوال نہیں اٹھتا ہو گا کہ کیا کرونا ہمارا ہی دشمن ہے جو ہم پر اتنی سختی کی جارہی ہے؟ جب بچے اپنے بڑوں کے ساتھ بازار یا سیر و تفریح کے لیے جاتے ہیں اور وہاں نہ کوئی ماسک لگاتا ہے نہ کوئی فاصلہ رکھتا ہے تو پھر ان ...

ہے۔ 75 فیصد شہری ماسک ہی نہیں پہنتے جبکہ 85 فیصد سماجی فاصلہ اور ہینڈ سینی ٹائزر استعمال کرنا بھول چکے۔ حمام، بیوٹی سیلونز، بازار، شاپنگ مالز اور دفاتر میں ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ انتظامیہ اور محکمہ صحت کی جانب سے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر ایکشن نہیں لیا جارہا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کورونا ختم ہوچکا، دوبارہ آئے گا تو دیکھا جائے گا۔ جب سمجھدار لوگوں کا یہ رجحان ہے تو پھر معصوم بچوں پر اتنا ظلم کیوں؟ خدارا! کرونا سے نجات کے لیے اقدامات ضرور کرو مگر معصوم بچوں پر اتنی سختی نہ کرو۔ کہ سکول انتظامیہ اپنی جان چھڑانے کے لیے بچوں کو ...

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سریاب روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر ... فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ... بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ ... موبائل نمبر: 0332-2364234 ... بیورو چیف اسلام آباد ... فون نمبر 051-2271021 ... فرسٹ فلور ... بلیو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

سے منسلک کرتا، ژوب کچلاک N-50 روڈ کی اپ گریڈیشن، خضدار بسیمہ روڈ جس پر گذشتہ دور میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی لیکن موجودہ صوبائی حکومت نے اس منصوبے پر فزیکل ورک کے کام کا آغاز کردیا ہے، انہوں نے کہا کہ بوستان میں سپیشل اکنامک زون جس کی منظوری موجودہ حکومت نے وفاق سپیشل اکنامک زونز کمیٹی سے لی ہے جس سے گیس اور بجلی کی سپلائی کے مسئلے کو حل کیا جارہا ہے جبکہ بوستان کے منصوبے کا بہت جلد سنگ بنیاد بھی رکھا جائے گا اور نوکنڈی، ماشکیل، پنجگور روڈ جو کہ گذشتہ چار سالوں سے التواء کا شکار تھی جس کی منظوری سی ڈی ڈبلیو پی نے (CDWP) دے دی ہے، اس کے ساتھ ساتھ دس نئے سوشو اکنامک منصوبے بھی شامل ہیں۔

شال بقیہ 2

20-2019 کے مختص اور استعمال شدہ بجٹ اور مالی سال 21-2020 کیلئے پی ایس ڈی پی کیلئے تجاویز کے علاوہ پاک پی ڈبلیو ڈی کے عمل اور التواء کا شکار منصوبہ جات کی تفصیلات کے علاوہ ایس ڈی جیز کے پروگرام اور پی ایس ڈی پی کے صوبہ وائز منصوبہ جات کی تفصیلات کے معاملات کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ سینیٹر بہرہ مند خان تنگی کے معاملے کے حوالے سے کمیٹی نے تفصیلی جائزہ لیا کمیٹی کو بتایا گیا کہ سیکٹر G-14/1 میں کچھ غیر قانونی قابضین مسائل پیدا کررہے ہیں۔ 30 جون 2020 کو متعلقہ سیکٹر میں آپریشن کیا گیا تو غیر قانونی قابضین نے ہمارے ملازمین کو زدوکوب اور زخمی کیا اور گاڑیاں بھی توڑ دیں ان کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی ہے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے کمیٹی کو بتایا کہ حکومت کی سپورٹ کے بغیر غیر قانونی قابضین سے سیکٹر G-14/1 میں زمین واگزار کرانا ممکن نہیں ہے 150 پرائیز کا ایوارڈ کرچکے ہیں اور 100 کو معاوضہ بھی کردی ہے۔ سینیٹر بہرہ مند خان تنگی نے کہا کہ متعلقہ سیکٹر میں 580 مقامی لوگ ہیں اور 1100 کے قریب قبضہ مافیا ہیں۔ گزشتہ ایک سال سے کوئی کام نہیں ہو رہا ہائی کورٹ نے فیصلہ دیا ہے۔

شال بقیہ 3

کو خطرہ ہے نہ ووٹ کی عزت کو، کرپشن خطرے میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کیا قاسم خان سوری نے کہا کہ عوام سے جھوٹے وعدے کرکے اقتدار میں آ بدترین کرپشن کرکے اپنے لیے پوری دنیا میں جائیدادیں بنا زیرو سے کروڑ پتی، ارب پتی اور کھرب پتی بن جاؤ پھر جب اس کرپشن کا حساب مانگا جائے تو نعرے لگاؤ "جمہوریت خطرے میں ہے"، "ووٹ کو عزت دو" نہ جمہوریت کو خطرہ ہے نہ ووٹ کی عزت کو، کرپشن خطرے میں ہے۔

شال بقیہ 4

خان یاسین زئی نے صوبے کی مذہبی اقلیتوں خصوصاً عیسائی برادری کی صوبے میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہاں کی مذہبی اقلیتوں نے مل کر مختلف شعبہ ہائے زندگی میں گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں اور کوئٹہ شہر کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بھی جدوجہد میں شامل رہے ہیں۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ خطے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے بھائی چارے، باہمی احترام، مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ناگزیر ہوچکا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ اہل علم و دانش انسانوں میں ایک دوسرے کے مذاہب کی عزت اور اختلاف رائے کو فروغ دینے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں۔ گورنر نے مسیحی برادری کے وفد کو ان کے جائز حقوق کی پاسداری کیلئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

شال بقیہ 5

سے ریلی نکالی جو جی پی او چوک پر دھرنے کی شکل اختیار کرگئی اس موقع پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے، جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین بھی موجود تھے دھرنے کے شرکاء سے صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی نے مذاکرات کئے اور زمیندار ایکشن کمیٹی کی جانب سے دیئے جانے والے مطالبات بلوچستان بھر میں زرعی فیڈروں کی بجلی کی بحالی اور افغانستان سے آنے والے سیب، ٹماٹر، پیاز، انگور کی امپورٹ کو روکا جائے جس پر صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک نے زمینداروں کے زرعی فیڈروں پر 8 گھنٹے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ دوسرے مسئلے کے حل کے لئے میری سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی گئی۔

شال بقیہ 6

حوالے سے 19 اکتوبر کو اجلاس ہوگا جس میں کلیئرنگ فارورڈنگ اور ٹرانسپورٹرز کا جو کام کررہے ہیں اس حوالے سے بات چیت کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ گوادر میں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے گوادر ٹیک آف نہیں کرپارہا ہے گوادر میں بجلی نہیں ہوگی تو صنعتیں نہیں لگیں گی اور صنعتیں نہ ہونے کے سبب وہاں کے لوگوں کو روزگار میسر نہیں ہوگا جس سے بندرگاہ کی افادیت نہیں ہوگی ہماری کوشش ہے کہ گوادر میں پاور ہاؤس پر جلد سے جلد کام شروع ہو انہوں نے کہا کہ ایران نے اپنی طرف سے گیس پائپ لائن اور ایک سو میگاواٹ بجلی گوادر کے لئے اپنی بارڈر تک پہنچا دیا ہے۔

شال بقیہ 7

مسئلہ فوری طور پر حل کیا جائے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت و عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما انجینئر زمرک خان اچکزئی، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی حاجی میر علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال

شال بقیہ

شاہ، سعید اللہ شاہ، جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، مولانا عبدالمتین اخوندزادہ، انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین، پشتونخوا ایس او کے کبیر افغان، وکلاء ایاز الحق، عطاء خان کاکڑ، علی جان ترہ کئی، امیر جان کاکڑ، عبداللہ جان، ملک عالم خان و دیگر نے گزشتہ روز لورالائی پیدل مارچ کے شرکاء کی جانب سے مطالبات کے حق میں قائم احتجاجی کیمپ میں شرکاء سے اظہار یکجہتی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے احتجاجی کیمپ کے شرکاء کو اپنے مکمل یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پیدل مارچ کے شرکاء کے مطالبات برحق ہیں اس سلسلے میں صوبائی حکومت سے بات کروں گا۔

شال بقیہ 8

کی تمام حقیقی سیاسی اور جمہوری قوتوں کا اس بات پر اتفاق ہوچکا ہے کہ موجودہ حکومت کے ہوتے ہوئے عوامی مسائل کا حل، جمہوریت کا استحکام اور جمہوری اداروں کی مضبوطی ممکن نہیں ملک میں شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کا انعقاد عمل میں لایا جائے اور اس مقصد کے لئے فوری طور پر انتخابی اصلاحات عمل میں لائی جائیں، صوبے کے تمام غیور عوام اور سیاسی کارکن پچیس اکتوبر کے جلسہ عام میں اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار پی ڈی ایم میں شریک جماعتوں کے رہنماؤں نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی زیر صدارت خان ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ اجلاس کے دوران کیا۔

شال بقیہ 9

زمینداروں، بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی، پشتونخوا کے رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے جمعیت علماء اسلام کے اصغر ترین و دیگر نے زرعی فیڈرز پر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ زرعی فیڈرز پر دن میں دو سے چار گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے طویل لوڈشیڈنگ سے زمینداروں کا معاشی قتل کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 10

کے بجائے نوٹ کو عزت دی، آپ کو لوٹے ہوئے نوٹوں کے سوال پر ووٹ کی عزت یاد آجاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوابدہی کا وقت آئے تو ووٹ کو رسوا کرنے والے ووٹ کی عزت کے نعرے لگانے لگتے ہیں۔ شہباز گل نے کہا کہ (ن) لیگ کے نزدیک جمہوریت صرف لوٹ مار اور ذاتی جاگیر بنانے کا نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ میاں صاحب کے بیرون ملک بیٹھ کر انقلابی بننے کی وجہ 30 سال کی کرپشن پر ہاتھ ڈالنا ہے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے کہا کہ کبھی چارٹر سائن کرکے تو کبھی این آر او لینے والے جمہوریت پر بدنما داغ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرٹیفائیڈ چور اور جعلساز کا لقب پانے والی مریم نواز عوام کو گمراہ کررہی ہیں، قطری خط اور کیلبری فونٹ کی طرح ان کے نعرے بھی جعلی ہیں۔

شال بقیہ 11

ہیں اور ثبوت کے ساتھ الزامات لگ رہے ہیں ان الزامات کو کلیئر کئے بغیر آپ سی پیک کی سربراہی نہیں کرسکتے۔ مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ حکومت کچھ بھی کرلے اگر عوام کے ساتھ کرے گی تو یہ نہیں جیت سکیں گے اس کا جواب عوام خود دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی، بیروزگاری اور حکومت کی نااہلی سے تنگ آئی ہوئی ہے، عوام نے نواز شریف کی آواز پر لبیک کہا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ فتح و نصرت عوام کی ہوگی اور انشاء اللہ اس نالائق، نااہل اور مسلط شدہ وزیراعظم سے قوم کو نجات ملے گی، یہ تحریک کامیاب ہوگی۔

شال بقیہ 12

کاوشوں سے پشاور شہر سمیت مختلف مضافاتی علاقوں کے سینکڑوں مستحق خاندانوں میں راشن پیکج تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق صوبائی وزیر آصف داؤد زئی، خالد وقار چمکنی، مولانا مسکین، عاصم پاچا کاکاخیل، پیر فضل حکیم و دیگر بھی موجود تھے۔ سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ کورونا لاک ڈاؤن کے دوران ہم نے سوا لاکھ سے زائد خاندانوں تک راشن پیکج پہنچایا، سندھ، بلوچستان سمیت چترال اور گلگت کے پہاڑوں میں ہمارے رضاکار انسانیت کی خدمت میں مصروف رہے۔ ان کا کہنا تھا بلاتفریق انسانیت کی خدمت سے کام کررہے ہیں کسی سیاسی و مذہبی تفریق سے بالاتر ہوکر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں یہ سب ہمارے اپنے ہیں۔

شال بقیہ 13

صوبے بھر میں ٹائیفائیڈ کی نئی قسم ایکس ڈی آر سے بچاؤ کے لئے فوری طور پر بڑے پیمانے پر آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت کی ہے۔

شال بقیہ 14

منسٹر ہاؤس کو فتح کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ اس لیے ہم کہتے ہیں کہ ووٹ کو عزت دو۔

شال بقیہ 15

نامے میں کہا کہ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کا آفس وکلاء کی سیاست کے لیے استعمال ہو رہا ہے۔ تحریری حکم نامے میں کہا گیا کہ اس معاملہ پر سپریم کورٹ 184 تھری کے تحت از خود نوٹس لے رہی ہے۔ حکم نامہ میں کہا گیا کہ پبلک آفس ہولڈر کی ساکھ اور بنیادی حقوق اور وزیراعظم کے حلف کا یہ اہم معاملہ ہے۔ سپریم کورٹ نے کنونشن سینٹر میں تقریب کی ہمراہ ریکارڈنگ طلب کرلی ہے۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب احمد اویس کو بھی نوٹس جاری کردیا۔ عدالت نے وزیراعظم پاکستان اور اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹس جاری کردیے اور ساتھ ہی اسلام

آباد کی انتظامیہ کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے استفسار کیا کہ بتایا جائے کنونشن سینٹر کی بکنگ کی ادائیگی کی گئی کہ نہیں۔

شال بقیہ 16

انہیں مختلف ورکشاپ کا دورہ کرایا اور تربیتی عمل سے متعلق بریفنگ دی۔ انہوں نے دورے کے دوران گہری دلچسپی سے تربیتی عمل کا معائنہ کیا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ اختر حسین لانگو اور احمد نواز بلوچ نے کہا کہ تعلیم و تربیت کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا تعلیم و تربیت کا چولی دامن کا ساتھ ہے تعلیم کے ساتھ تربیت نہ کی جائے تو طالبعلم میں موجود صلاحیتوں میں نکھار پیدا نہیں ہوسکتا ایک کامیاب طالبعلم ہونے کیلئے تعلیم کے ساتھ تربیت کا ہونا لازم ہے۔

شال بقیہ 17

گے۔ وہ پیپلز پارٹی ضلع سیالکوٹ کے جنرل سیکرٹری خان شہباز خان کی رہائشگاہ پر پارٹی کی مختلف مقامی تنظیموں کے عہدیداروں کے علاوہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ صوبائی نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ، ضلعی صدر چوہدری اظہر حسن ایڈووکیٹ، سیکرٹری خان شہباز خان، سٹی صدر اظہر علی دیال، سیکرٹری علی نصیر ملک، سابق ایم پی اے طاہر اختر اعوان، ریاض حسین شاہ، جاوید بٹ ٹپی، ماسٹر محمد شفیع و دیگر کارکنان و عہدیداران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ صوبائی صدر پاکستان پیپلز پارٹی قمر زمان کائرہ نے کہا کہ آخری اے پی سی میں تمام قومی جماعتیں اس بات پر متفق ہیں کہ عمران خان کی حکومت نے پاکستان کی عوام کا جینا دوبھر اور مشکل کردیا ہے، کوئی وعدہ ایسا نہیں ہے جو پورا کیا ہو، کوئی ایسا الیکشن کا سلوگن نہیں، جو انہوں نے سرے چڑھایا ہو یا ان کی سمت درست ہو، جب یہ حکومت آئی تو پاکستان پیپلز پارٹی نے تحفظات کے باوجود چاہا کہ یہ نظام چلتا رہے کیونکہ پاکستان اس وقت بڑے مشکل مراحل میں تھا۔

شال بقیہ 18

بلتستان کے حقوق، شہری آزادیوں، جمہوریت اور آزادی اظہار رائے کے لیے طویل سیاسی جدوجہد کی ہے ان کی سیاسی، سماجی اور علمی خدمات کا احترام پورے ملک میں کیا جاتا تھا۔ ارشاد محمود نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کو گلگت بلتستان میں جعفر شاہ نے ایک مقبول اور فعال سیاسی جماعت بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ پی ٹی آئی جعفر شاہ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور گلگت بلتستان میں انصاف اور میرٹ کی بالادستی کے لیے ان کی جدوجہد کو نئے جوش اور ولولے کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

شال بقیہ 19

ڈال دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمانہ کارروائی میں منیجر سمیت تین ملازمین کو نوکری سے فارغ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جن میں معطل ہونیوالے منیجر مسجد وزیر خان اشتیاق احمد، سینئر کلرک محمد ریاض اور جونیئر کلرک عمران شامل ہیں۔ انکوائری آفیسر ایڈیشنل سیکرٹری اطہر مسعود نے سفارشات مرتب کی ہیں جس میں تینوں ملازمین کی جبری ریٹائرمنٹ کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ مسجد وزیر خان میں گانے کی عکسبندی کرانے پر وزیراعلیٰ پنجاب نے نوٹس لیا تھا جس کے بعد انکوائری کے دوران مسجد کا تقدس پامال ہونے کی وجہ سے ملازمین کو نوکری سے نکالنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 20

ڈپٹی آرگنائزر خدا بخش لانگو صوبائی رابطہ سیکرٹری عبدالفتاح جمالی ڈاکٹر نواز خان ناصر نوابزادہ تور گل جوگیزئی سردار ناصر خان ناصر ضلعی صدر شاہ زمان کاکڑ جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل مولوی قطب الدین خوستی عبداللہ جان امیرزئی و دیگر نے سرکٹ ہاؤس میں ضلعی الیکشن کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا پنڈال میں پارٹی کے کارکنان اور قبائلی عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی ضلعی الیکشن میں حاجی مفاخان کاکڑ مرکزی کے عہدیداران بلامقابلہ منتخب ہوئے اس کے مدمقابل کسی نے کاغذات جمع نہیں کئے ضلعی صدر حاجی شاہ زمان کاکڑ اور جنرل سیکرٹری کیلئے ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل بلامقابلہ منتخب ہوئے مقررین نے پارٹی کے منتخب ارکان کو مبارکباد دی اور توقع ظاہر کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر عوام کی خدمت کریں گے۔

شال بقیہ 21

21 ہے اور اب تک 2258 مریض کورونا کے باعث جاں بحق ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر کے مقابلے میں اکتوبر کے 12 دنوں میں مریضوں کی تعداد میں معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کورونا کا پھیلاؤ روکنے کیلئے شہریوں کا پہلے کی طرح بھرپور تعاون ضروری ہے۔ انسداد کورونا ایس او پیز پر عمل شہریوں کو کورونا سے محفوظ رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کرنے پر بزنس مقامات اور تعلیمی اداروں کے خلاف قانون کے تحت کارروائیاں ہورہی ہیں۔ اب تک 20 تعلیمی اداروں اور 11 بزنس مقامات کو بند کیا گیا ہے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ پر ہجوم مقامات پر جانے سے گریز کریں۔ ماسک پہننے کی پابندی پر عمل کیا جائے اور سماجی فاصلے برقرار رکھے جائیں۔

شال بقیہ 22

لاہور مدثر ریاض ملک اور دیگر افسران کے ساتھ میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل کمشنر امان انور، چیف کارپوریشن آفیسر حافظ شوکت علی، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ عائشہ مطہر، سیکرٹری کوآرڈینیشن پنجاب اسمبلی رائے ممتاز حسین بابر، ڈی جی پارلیمانی امور عنایت اللہ لک بھی موجود تھے۔ گزشتہ دنوں سپیکر پنجاب اسمبلی نے اسمبلی کی زیر تعمیر بلڈنگ کا دورہ کیا تھا اور اس موقع پر یہ بات مشاہدہ میں آئی تھی۔

شال بقیہ 23

کے برعکس مقامی صرافہ مارکیٹوں میں فی تولہ

سونے کی قیمت 300 روپے کے اضافے سے 1 لاکھ 16 ہزار 500 روپے اور دس گرام سونے کی قیمت 257 روپے کے اضافے سے 99 ہزار 880 روپے ہوگئی جب کہ چاندی کی فی تولہ قیمت 1300 روپے مستحکم رہی۔

شال بقیہ 24

بیان کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مترادف اور اپنی خفت مٹانے کی کوشش ہے، یہ ویسا ہی بیان ہے کہ قائد نواز شریف کی تقریر دکھانے کی اجازت ہے، بعد میں پیمرا کے ذریعے پابندی لگا دی۔ عمران صاحب عوام کا سیلاب سلیکٹڈ آٹا چینی چور حکومت کے خلاف نکلنے کو ہے، آپ سے اجازت کی ضرورت نہیں۔ قائدین کو آنے کے لئے سلیکٹڈ کی اجازت اور مشورہ درکار نہیں بلکہ عوام کی محبت کافی ہے۔

شال بقیہ 25

جائے۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کیخلاف زمیندار ایکشن کمیٹی نے ایوب اسٹیڈیم کے احاطے احتجاجی مظاہرہ کیا اور فیاض سنبل چوک تک احتجاجی ریلی نکالی زمینداروں نے مطالبات کے حل کے لئے چوک پر دھرنا بھی دیا، مظاہرے میں کمیٹی کے رہنماؤں اور مختلف علاقوں سے آئے زمینداروں، بی این پی کے پارلیمانی لیڈر، ملک نصیر شاہوانی، پشتونخوا کے رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے جمعیت علماء اسلام کے اصغر ترین و دیگر نے زرعی فیڈرز پر بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ زرعی فیڈرز پر دن میں دو سے چار گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے طویل لوڈشیڈنگ سے زمینداروں کا معاشی قتل کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 26

مقابلے 31 فیصد اضافے سے 30.2 ارب ڈالر رہی۔ مرکزی بینک کا کہنا تھا کہ اگست کے مقابلے ستمبر میں ترسیلات زر میں 9 فیصد کا اضافہ ہوا، رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی میں ترسیلات زر مجموعی طور پر بڑھ کر 1.7 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں 1.31 فیصد زیادہ ہے۔

شال بقیہ 27

پیٹرولنگ شروع کردی اور مذکورہ ٹرانسمیشن لائن پر مرمت کا کام شام 5 بجکر 20 منٹ پر مکمل کرکے گوادر شہر کو بجلی کی فراہمی دوبارہ بحال کردی گئی اور اب گوادر شہر کو معمول کے مطابق بجلی کی فراہمی جاری ہے۔ تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے اس دوران بجلی بندش پر زحمت کیلئے معذرت کی ہے۔

شال بقیہ 28

کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق پیر کو پنجگور کے علاقے چتکان میں ایرانی پٹرول اور ڈیزل سے لوڈ گاڑی میں اچانک آگ لگ جانے باعث گاڑی تباہ ہوگئی جبکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا گاڑی کو ایرانی پٹرول اور ڈیزل کے غیر قانونی کاروبار کیلئے استعمال کیا جاتا تھا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29

خاتون جاں بحق ہوگئی ہے۔ ایدھی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس میں ٹریکٹر کی ٹکر سے رکشے میں سوار خاتون جاں بحق ہوگئی جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 30

والوں کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا قانون سب کیلئے یکساں ہے لیویز فورس علاقے سے منشیات بدامنی اور جرائم کے خاتمے کیلئے بھرپور کارروائیاں کررہی ہے یہ بات انہوں نے ہیکلزئی اور یارو لیویز کی مشترکہ کارروائیاں میں برآمد ہونیوالی مسروقہ گاڑی اور گرفتار ملزمان سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری کی واضح ہدایات ہیں کہ علاقے سے جرائم اور منشیات کا فوری خاتمہ کیا جائے گزشتہ روز گل طیرزئی میں محمد حسین نامی شخص سے گن پوائنٹ پر فیلڈر گاڑی چھینی گئی اطلاع ملنے پر ڈپٹی کمشنر پشین کے حکم پر تمام لیویز چیک پوسٹوں کی ناکہ بندی کی گئی آخر کار اسسٹنٹ کمشنر حضرت ولی کاکڑ نے ہیکلزئی لیویز انچارج حفیظ اللہ اور یارو لیویز کے انچارج شمس الدین کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ہیکلزئی کے قریب پہاڑوں میں دو ملزمان علاؤالدین اور میر واعظ کو گرفتار کرکے انکے قبضے سے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی۔

شال بقیہ 31

نے دو روز قبل ل دوشتی کے علاقے میں ایک شخص کو قتل کرکے فرار ہوا تھا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر توتکی کیپٹن (ر) جمیل احمد بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر ثوبان سلیم وشتی کی ہدایت پر تحصیلدار توتکی امتیاز بلوچ رسالدار میجر لیویز سردار زادہ بہرام خان مینگل، دفعدار حفیظ اللہ نے لیویز فورس و کیو آر ایف لیویز ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ دنوں ل دوشتی میں قتل ہونے والے امیر حمزہ ولد شادی خان کے قتل میں ملوث ملزم غلام محمد ولد گل محمد کو اسکے بھائی کیا کشاف پر کوئٹہ کے علاقے سوناخان سے گرفتار کرکے ملزم کے قبضے سے آلہ قتل ایک عدد ٹی ٹی پستول، موبائل فون، ایک عدد موٹر سائیکل بمعہ چوبیس ہزار روپے نقدی برآمد کرلیا۔

شال بقیہ 32

خان سے پیر کو اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز، نیول ہیڈ کوارٹرز، اسلام آباد سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم عمران خان نے ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کو چیف آف دی نیول اسٹاف کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 33

جاوید عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں احتساب کا کالا قانون ہے، آئین توڑنے والوں سے ہماری لڑائی اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ان کو قرار واقعی سزا نہیں مل جاتی، ملک معاشی طور پر تباہ ہوچکا ہے، سلیکٹڈ حکومت کو جنوری سے قبل گھر بھیج دیں گے، یہ ملک کے لیے سیکورٹی رسک بن چکے ہیں، اپوزیشن

جماعتیں اس وقت متحد ہیں پی ڈی ایم کے زیر اہتمام تحریک کے پی سے شروع کی جارہی ہے جو منطقی انجام کو پہنچے گی۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز انہوں نے ایبٹ آباد پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

شال بقیہ 34

نواز شریف کی طلبی کا نوٹس ماڈل ٹاؤن سیکرٹریٹ کے باہر چسپاں کردیا۔ نوٹس کے مطابق نواز شریف کو تیس دن کے اندر عدالت پیش ہونا ہوگا۔ نواز شریف کو پلاٹ الاٹمنٹس کیس میں طلبی کا نوٹس بھیجا گیا ہے۔ نوٹس پر نواز شریف کی لندن رہائشگاہ ایون فیلڈ اپارٹمنٹس کا پتہ بھی درج ہے۔

شال بقیہ 35

کی جس میں چیئرمین سپارکو میجر جنرل عامر ندیم نے ادارے کے امور کار پر روشنی ڈالی، مشیر خزانہ کو سپارکو کے جاری اور مستقبل کے منصوبوں بارے بھی آگاہ کیا گیا، مشیر خزانہ کو پاکستان میں سیٹلائٹ سروسز کے حوالے سے تفصیلات پر بتائی گئیں، مشیر خزانہ نے سپارکو کی خدمات اور کوششوں کی تعریف کی اور مشیر خزانہ نے ادارے کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 36

کیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری و انچارج بلوچستان کمانڈ و آپریشن سینٹر محمد زاکر ناصر نے عوام الناس سے استدعا کی کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے مکمل خاتمے تک احتیاطی ایس او پی پر عملدرآمد جاری رکھیں، تعلیمی اداروں، دفاتر، تجارتی مراکز اور عوامی مقامات پر ماسک اور سینیٹائزر کے استعمال اور سماجی فاصلوں کی ایس او پی پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

شال بقیہ 37

کہ اعلیٰ معیار تعلیم، صحت کی سہولیات سمیت صوبے میں امن و امان کی بحالی صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ صوبائی حکومت صوبے میں صحت کے شعبے میں مزید بہتری کیلئے کام کررہی ہے اور صوبائی حکومت کوئٹہ میں کینسر اور کارڈیالوجی کے ہسپتال کی تعمیر پر کام شروع کرر کھی ہے جبکہ تین ہسپتالوں کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے جن میں بین الاقوامی معیار کے مطابق طبی سہولیات میسر ہوں گے۔

شال بقیہ 38

نے گزشتہ روز سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان و سندھ کے جزائر تاریخی طور پر دو وحدتوں کی ملکیت ہیں۔ صدر پاکستان کاغذ کے ایک ٹکڑا پر احکامات آرڈیننس جاری کرکے ساحل، وسائل و جزائر پر وفاق کے زیر تسلط نہیں لاسکتا۔ ان اقدامات صوبوں و وفاق کے مابین جاری مشکل تعلقات کو مزید بگاڑ و تنازعات کی جانب لے جاسکتی ہیں۔ وزیراعظم کے ٹویٹ پر ردعمل دیتے ہوئے۔

شال بقیہ 39

مولانا جمال الدین حقانی حاجی صالح محمد ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ سالار حافظ مجیب الرحمن ملاخیل مولانا سید سعد اللہ آغا مفتی محمد ابوبکر حافظ رحمان گل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سردی کے آغاز میں ہی گیس پریشر کی کمی پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس مرتبہ گیس کے مسئلے کو مستقل طور پر حل کرنے کیلئے ٹھوس لائحہ عمل طے کرنے سے دریغ نہیں کیا جائے عوام کی شرافت اور خاموشی سے ناجائز فائدہ اٹھایا جارہا ہے دوسری طرف بھاری بھرکم بلوں نے عوام کو سخت اقدامات اٹھانے پر مجبور کیا ہے۔

شال بقیہ 40

آف پاکستان میں شائع کرکے نافذ کردیا گیا ہے جس میں آئی لینڈ کی ترقی اور مینجمنٹ اور پاکستانی کی اندرونی علاقائی پانی کیلئے اتھارٹی قائم کی گئی ہے، قرارداد میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ صدارتی آرڈیننس کے ذریعے بلوچستان کے جزائر کو مرکزی حکومت نے تحویل میں لے لیا ہے جو غیر آئینی قدم ہے لہٰذا اسمبلی کے اجلاس میں قرارداد زیر بحث لائی جائیں۔

شال بقیہ 41

طلباء ایک محبوب رہبر سے محروم ہوگئے ڈاکٹر عادل خان شہید کو محب وطنی کے سزا دیا گیا وہ محب وطن اور سچا عاشق رسول تھا انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آزادی اور بقا کے لئے چالیس ہزار علماء کرام نے اپنے خون کے نذرانہ دے کر ملک کی آزادی اور بقا کو یقینی بنایا

شال بقیہ 42

شال بقیہ 43

برادری کے نوجوانوں کی فلاح و بہبود کیلئے حتی المقدور کوشش کی جائے گی اور برادری کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

شال بقیہ 44

نیز قلعہ عبداللہ گرڈ سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 14 اکتوبر کو مکلز گرڈ سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

شال بقیہ 45

ہو گیا ہلاک ہونے والے ملزم سے اسلحہ بھی برآمد کرلیا دو ملزمان فرار ہوگئے ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت احمد علی ولد عبداللہ سکنہ سا کران کے نام سے بتائی جاتی ہے ملزمان بائی رف چھین کر فرار ہورہے تھے ملزمان کے فائرنگ سے تین گولیاں پولیس موبائل میں لگی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا فرار ہونے والے دو ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

شال بقیہ 46

نیشنل پارٹی، نیشنل پارٹی، مسلم لیگ ن، پاکستان پیپلز پارٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کی گئی۔ اجلاس کی صدارت میر عبدالرحمن زہری نے کی، نظامت کے فرائض شفیق الرحمن ساسولی نے سرانجام دیئے۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کی جانب سے مولانا عنایت اللہ رودینی، بلوچستان نیشنل پارٹی سے شفیق الرحمن ساسولی، مسلم لیگ ن سے میر عبدالرحمن زہری، پی پی پی سے سجاد زیب حسنی، نیشنل پارٹی سے میر سلمان زہری اور دیگر کمیٹی ممبران حاجی محمد اقبال بلوچ، مفتی عبدالقادر، مولانا محمد اسحاق، محمد ایوب عالیزئی، میر عطاء اللہ زہری، حاجی نبی بخش غلامانی، ڈاکٹر حضور بخش زہری، فیصل زہری، عبدالوہاب خدرانی، عبدالحمید زہری، میر زاہد زہری، میر عبدالحئی زہری، میر شاہ اللہ زہری، عبدالمجید و دیگر شریک تھے۔

شال بقیہ 47

حسین لاشاری، آغا وحید پٹھان، شکیل کھوسہ، عبدالحئی سومرو، آغا مظفر پٹھان، گل بلیدی کیقیادت میں میونسپل روڈ سے ڈسٹرکٹ پریس کلب تک "بزرگ شہریوں کے حقوق" کے عنوان سے ریلی نکالی گئی ریلی میں سماجی کارکن جان اوڈھانو، ندیم بھارانی سندھ بزرگ فیڈریشن کے ممبران اور دیگر عورت اور مرد شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

شال بقیہ 48

بڑھا دیا اور اس حوالے سے نوٹی فکیشن جاری کردیا گیا، نوٹی فکیشن میں کہا گیا ہے کہ ٹیرف میں ایک روپے نو پیسے سے دو روپے نواسی پیسے فی یونٹ تک اضافہ کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 49

سیکورٹی اداروں پر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈاکٹر کے قاتلوں کو جلد سے جلد گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا تاکہ علماء اور دیندار طبقے تسلی ہو۔ انھوں نے آئے روز ملک میں علماء کے قتل کی پرزور مذمت کرتے ہوئے علماء کرام کے قاتلوں کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا۔

شال بقیہ 50

نے ہیکلزئی اور یارو لیویز کی مشترکہ کارروائیاں میں برآمد ہونیوالی مسروقہ گاڑی اور گرفتار ملزمان سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری کی واضح ہدایات ہیں کہ علاقے سے جرائم اور منشیات کا فوری خاتمہ کیا جائے گزشتہ روز گل طیرزئی میں محمد حسین نامی شخص سے گن پوائنٹ پر فیلڈر گاڑی چھینی گئی اطلاع ملنے پر ڈپٹی کمشنر پشین کے حکم پر تمام لیویز چیک پوسٹوں کی ناکہ بندی کی گئی آخر کار اسسٹنٹ کمشنر حضرت ولی کاکڑ نے ہیکلزئی لیویز انچارج حفیظ اللہ اور یارو لیویز کے انچارج شمس الدین کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ہیکلزئی کے قریب پہاڑوں میں دو ملزمان علاؤالدین اور میر واعظ کو گرفتار کرکے انکے قبضے سے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی۔

شال بقیہ 51

اور پیٹرول نہیں مل رہا ہر کسی کو حکومت نے قیمتیں بڑھانے کی کھلی چھوٹ دی ہوئی ہے منافع خور، مافیاز سرگرم ہیں، لیکن حکومت اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ موجودہ حکومت کے دور میں غریب تو غریب تر ہوتا جارہا ہے، سفید پوش طبقے کو بھی مانگنے پر مجبور کردیا ہے۔ محمد سلیم عطاری نے کہا کہ پہلے ہی ملک میں کورونا وائرس اور حکومت کی ناقص پالیسیوں اور آئی ایم ایف سے لئے گئے سودی قرضوں نے ملک معاشی بحرانوں میں مبتلا ہے۔ تعلیم

درخواستیں مطلوب ہیں

صوبائی ورکرز ویلفیئر بورڈ کو اپنے ہیڈ آفس کوئٹہ اور ذیل میں درج ... Career Testing Services Pakistan (CTSP) ... آسامیوں کیلئے اسکریننگ ٹیسٹ بذریعہ

نمبر شمار	نام آسامی	سکیل	مطلوبہ تعلیمی قابلیت/تجربہ	تعداد
01	ڈپٹی ڈائریکٹر (ورکس)	(BPS-18)	[illegible]	01
02	ڈپٹی ڈائریکٹر (ایجوکیشن)	(BPS-18)	[illegible]	01
03	اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ورکس)	(BPS-17)	[illegible]	02
04	ایگزیکٹیو آفیسر	(BPS-16)	[illegible]	01
05	اسٹینوگرافر	(BPS-16)	[illegible]	01
06	[illegible]	(BPS-07)	[illegible]	01

شرائط و ضوابط برائے سکریننگ ٹیسٹ

سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان

AB NO.160/12-10-2020

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بلوچستان میں کورونا وائرس کی وبائی صورتحال میں کمی آنا خوش آئند ہے، ذاکر ناصر

صوبے میں فوڈ سیکورٹی و دیگر ناگہانی آفات سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے محکمہ جاتی اشتراکیت کے لیے پیشگی اقدامات بھی ناگزیر ہیں

صوبے کے تمام اضلاع کے اسکولوں میں 5944 ٹیسٹ کیے گئے ہیں جس میں کورونا وائرس کی شرح 9 فیصد پائی گئی ہے، ایڈیشنل سیکرٹری

لاکھڑا نائب صدر اوتھل پریس کلب میر عاشق سنگھور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حاجی نوید احمد و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

کوئٹہ (ع ن) ایڈیشنل سیکرٹری و انچارج بلوچستان کمانڈ و آپریشن سینٹر محمد ذاکر ناصر نے کہا کہ صوبے میں کورونا وائرس کی وبائی صورتحال میں کمی آنا خوش آئند ہے مگر اس کے پھیلاؤ کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات میں وسعت اور ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کرنا ناگزیر ہے۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے تحت تیسرے ویڈیو کانفرنس کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈویژنل کمشنرز اور ان کے نمائندوں، محکمہ صحت، محکمہ لوکل گورنمنٹ، محکمہ تعلیم، محکمہ افرادی قوت، محکمہ تعلقات عامہ، محکمہ مذہبی امور، محکمہ داخلہ و قبائلی امور، محکمہ زراعت، محکمہ انڈسٹریز، پی پی ایچ آئی، بی آر ایس پی اور ترقی فاؤنڈیشن سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اور اپنے محکموں کے حوالے سے کورونا وائرس سمیت دیگر امور پر اجلاس کو آگاہ ۔۔۔ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

حکومت نے کراچی والوں کے لیے بجلی 2.89 روپے فی یونٹ تک مہنگی کردی

کراچی (این این آئی) حکومت نے کراچی والوں کے لیے بجلی 2.89 روپے فی یونٹ تک مہنگی کردی، کے الیکٹرک کی بجلی مہنگی کرنے کا اطلاق یکم ستمبر 2020 سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے کے الیکٹرک کا ٹیرف ۔۔۔ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عادل کا قتل علماء اور مذہبی طبقے کیلئے ناقابل برداشت صدمہ ہے، مولانا عبدالقدیر مینگل

ڈاکٹر کے قاتلوں کو جلد سے جلد گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ علماء اور دیندار طبقے تسلی ہو

آئے روز ملک میں علماء کے قتل کی پرزور مذمت کرتے ہوئے علماء کرام کے قاتلوں کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا

تربت (آن لائن) حضرت مولانا ڈاکٹر عادل خان کے قتل کی پرزور مذمت کرتے ہیں ڈاکٹر عادل کا قتل علماء اور مذہبی طبقے کیلئے ناقابل برداشت صدمہ ہے تربت سے یو آئی تحصیل تربت کے امیر مولانا عبدالقدیر مینگل و جنرل سکریٹری مولانا زبیر احمد نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان کہا ہے کہ گزشتہ روز شارع فیصل پہ جید عالم دین اور جامعہ فاروقیہ کے مہتمم جناب مولانا ڈاکٹر عادل خان کو جس بے دردی سے شہید کرکے قاتل باآسانی فرار ہوئے اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ہم حکومت وقت اور ۔۔۔ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

پاکستان میں مسلسل علماء حق کی قتل عام ملک اور اسلام کیخلاف گیری سازش ہے، حافظ مسعود احمد

ڈاکٹر عادل خان شہید کو محب وطنی کی سزا دیا گیا وہ محب وطن اور سچا عاشق رسول تھا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ مسعود احمد جمعیت ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا حافظ محمود مولانا مسرور احمد مولانا مفتی ولی محمد نے جامعہ فاروقیہ کراچی کے مہتمم مولانا ڈاکٹر عادل خان شہید کی قتل عام کے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مسلسل علماء حق کی قتل عام ملک اور اسلام کیخلاف گیری سازش ہے مولانا ڈاکٹر عادل خان شہید کی شہادت سے اہل اسلام بالخصوص پاکستان کے علماء کرام ۔۔۔ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

لسبیلہ یونیورسٹی ماحولیات کو آلودگی سے بچانے کے لئے اہم رول ادا کرسکتی ہے، عبدالصبور کاکڑ

پی ڈی ایم اے، محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات کے اشتراک سے انسٹیٹیوٹ بنایا جائے گا

اوتھل (نامہ نگار) سیکریٹری ماحولیات بلوچستان عبدالصبور کاکڑ نے کہا کہ لسبیلہ یونیورسٹی ماحولیات کو آلودگی سے بچانے کے لئے اہم رول ادا کرسکتی ہے، پی ڈی ایم اے، محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات کے اشتراک سے انسٹیٹیوٹ بنایا جائے گا غریب طلباء کو انڈسٹریز کے سی ایس آر فنڈ سے مالی معاونت کے اقدامات کئے جائیں گے اور گریجویٹ طلباء کو ملازمتوں کے ۔۔۔ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی ضلعی قیادت کا 25 اکتوبر جلسے کی مناسبت سے تیسرا اجلاس

تمام تحصیلوں کا دورہ اور کارکنان کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کا فیصلہ

خضدار (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی ضلعی قیادت کا 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقد جلسے کی مناسبت سے تیسرا اجلاس، تمام تحصیلوں کا دورہ اور کارکنان کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کا فیصلہ، پی ڈی ایم کے ضلعی قیادت کا 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقد جلسے کو کامیاب بنانے، تمام تحصیلوں کا دورہ اور کارکنان کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کے حوالے سے میر عبدالرحمن زہری کی رہائش گاہ پر تیسرا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام، بلوچستان ۔۔۔ بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ضلع جیکب آباد بزرگ شہریوں کے عالمی دن کے حوالے سے ریلی نکالی گئی

جیکب آباد (این این آئی) ضلع جیکب آباد بزرگ شہریوں کے عالمی دن کے حوالے سے اور بزرگ شہریوں کے بہبود والے ایکٹ 2014 پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر الاہی بخش اوداھو، مختیار بیگم، شاہد احمد لاکھو، ناصر ۔۔۔ بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

علاقے کے قیام امن میں خلل ڈالنے والوں کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا، حضرت ولی کاکڑ

لیویز فورس علاقے سے منشیات بدامنی اور جرائم کے خاتمے کیلئے بھرپور کارروائیاں کررہی ہے

پشین (ع ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین حضرت ولی کاکڑ نے کہا کہ علاقے کے قیام امن میں خلل ڈالنے والوں کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا قانون سب کیلئے یکساں ہے لیویز فورس علاقے سے منشیات بدامنی اور جرائم کے خاتمے کیلئے بھرپور کارروائیاں کررہی ہے یہ بات انہوں ۔۔۔ بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

حب صوبائی سیکرٹری ماحولیات عبدالصبور کاکڑ اور ڈی جی ماحولیات محمد جہانگیر کاکڑ وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی آف میرین اور شعبہ ماحولیات کے فیکلٹی سے تفصیلی ملاقات کر رہے ہیں

سید برادری کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، سید عبدالحفیظ شاہ کاظمی

لسبیلہ میں سید برادری کے نوجوانوں کی فلاح و بہبود کیلئے حتی المقدور کوشش کی جائے گی

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان سادات قومی اتحاد کا پہلا اجلاس درگاہ سید کبیر شاہ اوتھل میں سید عبدالحفیظ شاہ کاظمی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ضلع لسبیلہ کی تمام سادات برادری کے معززین نے شرکت کی اجلاس کے بنیادی مقاصد کے بارے میں باہمی مشاورت ہوئی جس میں ضلع لسبیلہ کی تمام سادات برادری کو درپیش مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلعی سطح پر تنظیم سازی کی جس میں چیئرمین سید ۔۔۔ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلے میں 13 اکتوبر کو مری آباد گرڈ اسٹیشن کے طوقی روڈ فیڈر سے صبح 10 بجے سے ایک بجے دن تک ۔۔۔ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے مسائل کا حل قبائلی یکجہتی میں پوشیدہ ہے، سردارزادہ سعید احمد لانگو

وقت آگیا ہے کہ عوام کو حق ادا کیا جائے جس کیلئے اپنے آپنی ذاتی انا اور مفادات کو بالائے طاق رکھنا ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سردارزادہ سعید احمد لانگو نے جمعیت اتحاد اخبار فروشاں کے آل پاکستان کے مرکزی سینئر نائب صدر عبدالحئی سالاتی، سابق جنرل سیکرٹری شاہ جہاں بلوچ، سینئر رہنما بابو محمد جان نائب صدر محمد یوسف شاہ حسنی سے ملاقات میں کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل قبائلی یکجہتی میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی و سیاسی رہنماؤں اس وقت ٹکڑوں میں تقسیم ہیں جس سے صوبے کو عوام استحکام کرنے والوں کو فائدہ ہو رہا ہے اور صوبے کی عوام کو نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی و سیاسی رہنماؤں پر صوبے کی عوام کا بڑا حق ہے جس کو احسن طریقے سے ادا نہیں کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ عوام کو حق ادا کیا جائے جس کیلئے اپنے آپنی ذاتی انا اور مفادات کو بالائے طاق رکھنا ہوگا۔

ساکران میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ملزم ہلاک دو فرار چھینی گئی ہائی رف برآمد

لسبیلہ (این این آئی) ساکران میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ملزم ہلاک دو فرار چھینی گئی ہائی رف برآمد، پولیس ذرائع کے مطابق پیر کے روز ساکران تھانے کے حدود میں پولیس نے ایک ہائی رف کو روکنے کا اشارہ کیا گاڑی نہ رکی جس پر پولیس نے تعاقب کیا پولیس اور ملزمان میں فائرنگ تبادلہ ہوا پولیس کے فائرنگ سے ایک مبینہ ملزم ہلاک ۔۔۔ بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پاکستانی عوام تاریخ کے بدترین دور سے گزر رہے ہیں، بلوچ شاہ

خضدار بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے، اسے درجنوں کالجز و یونیورسٹیوں کی ضرورت ہے

بلوچستان و سندھ کے جزائر تاریخی طور پر دو وحدتوں کی ملکیت ہیں، مرکزی رہنما بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان و سندھ کے جزائر تاریخی طور پر دو وحدتوں کی ملکیت ہیں، ایسے اقدامات صوبوں اور وفاق کے مابین جاری مشکل تعلقات کو مزید بگاڑ و تنازعات کی جانب لے جاسکتی ہیں۔ پاکستان میں سالانہ 2000 ارب روپے انتظامیہ پر خرچ کیے جاتے ہیں اور یہ کام انتظامیہ کا ہے نہ کہ جھینگا و مکی اور جانور فورس کا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں ۔۔۔ بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

لاہور: نگران وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان میر افضل خان بادشاہی مسجد کے دورے کے موقع پر علامہ محمد اقبال کے مقبرے پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

NCHD کی جانب سے اسکول کا قیام بہترین عمل ہے، حاجی نوید احمد ہاشمی

اوتھل (نامہ نگار) لاکھڑا NCHD اور محکمہ تعلیم لسبیلہ کی جانب سے فیڈر گرلز اسکول گوٹھ عبدالغفور گونگا لاکھڑا کا افتتاح کیا گیا۔ اسکول کا افتتاح ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ حاجی نوید احمد ہاشمی نے فیتہ کاٹ کر کیا۔ عبدالغفور گونگا گوٹھ اسکول کی افتتاحی تقریب رکھی گئی افتتاحی تقریب کی شروعات تلاوت قرآن پاک سے کی گئی جس میں حاجی محمد امین گنگو نے تلاوت کی، اور تلاوت کے بعد ۔۔۔ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

شہر میں بے ہنگم ٹریفک اور قوانین کی پاسداری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، محمد ایوب اچکزئی

شہر میں بے ہنگم ٹریفک کی روک تھام کیلئے بہتر پالیسی مرتب کردی گئی ہے

پشین (ع ن) سپرنٹنڈنٹ آف پولیس محمد ایوب اچکزئی نے کہا کہ شہر میں بے ہنگم ٹریفک اور قوانین کی پاسداری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں شہر میں بے ہنگم ٹریفک کی روک تھام کیلئے بہتر پالیسی مرتب کردی گئی ہے انشاء اللہ جلد شہر کی مین شاہراہ کو ون وے کرکے ٹریفک کی ابتر صورتحال پر قابو پالیا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں انجمن تاجران پشین کے صدر ملک اشرف ترین کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں جنرل سیکرٹری سید عبدالباری قریشی، نعمت لالا، اکرام اللہ، ہدایت اللہ آغا اور حاجی اعظم شامل تھے۔ اس موقع پر ڈی ۔۔۔ بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت اپنی نااہلی ہمارے سر تھوپنا بند کردے، وزیر اطلاعات سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اپنی نااہلی ہمارے سر تھوپنا بند کردے۔ وفاقی وزراء اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے ناصر حسین شاہ نے کہا کہ وفاقی حکومت نے افغانستان گندم اسمگل کی، جب کہ سستی گندم دوسرے ممالک بھیج کر اسے مہنگے داموں واپس درآمد ۔۔۔ بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے طاقتور قوتوں کو لگام دیں، عبدالغنی زامرانی

مزید خاموش رہ کر علماء کرام کے جنازے اٹھاتے رہ کر تھک گئے ہیں خدارا قاتلوں کو لگام دیا جائے

تربت (آن لائن) مولانا عادل خان کے قاتل گرفتار کیے جائیں، اُنکی شہادت قومی سانحہ ہے، حکومت علماء کرام کے تحفظ میں ناکام ہے، مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغنی زامرانی نے کہا کہ ایک طویل عرصہ سے پاکستان اور بالخصوص کراچی میں جید اور عظیم علماء کرام کو پے در پے شہید کیا جارہا ہے اور اُنکے قاتل آج تک گرفتار نہیں کیے گئے ہیں علماء کرام کی ٹارگٹ کلنگ دین و ملک دشمنی ہے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے طاقتور قوتوں کو لگام دیں اور علماء کرام کی حفاظت کو یقینی بنائیں علماء کرام کا ٹارگٹ کلنگ روز کا معمول بن چکا ہے مزید خاموش رہ کر ۔۔۔ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

جیکب آباد میں کھوہر برادری کا قاتلوں کی عدم گرفتاری پر ایس ایس پی آفس کے سامنے قرآن پاک اٹھا کر احتجاج

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں کھوہر برادری نے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر ایس ایس پی آفس کے سامنے قرآن پاک اٹھا کر احتجاج کیا۔ تفصیلات کے مطابق کھوہر برادری سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین نے صوبہ ۔۔۔ بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت کے دور میں غریب تو غریب تر ہوتا جارہا ہے، محمد سلیم عطاری

سودی قرضوں نے ملک معاشی بحرانوں میں مبتلا ہے، انجمن نوجوانان اسلام پاکستان

کراچی (این این آئی) انجمن نوجوانان اسلام پاکستان کے چیئرمین سماجی رہنما محمد سلیم عطاری نے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے سے عوام بلبلا اٹھے ہیں، ادویات، آٹا، چینی، تیل، دودھ، سبزیاں، گوشت اور دالوں کی قیمتوں کو تو پر لگ گئے۔ عوام کو سستی بجلی گیس ۔۔۔ بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر پشین حضرت ولی کاکڑ لیویز کی کارروائی میں گرفتار ملزمان اور برآمد ہونے والی مسروقہ گاڑی سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

موجودہ حکومت کی عوامی پالیسیاں مکمل ہوچکی ہیں، میر نواب شمبے زئی

موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومت کے دور میں بیروزگاری اور مہنگائی عام ہوگئی ہے

تربت (آن لائن) یونین کونسل ہوشاپ میں مختیار علی کی سربراہی میں سینکڑوں افراد نے اپنے خاندان اور رشتہ داروں سمیت مسلم لیگ (نواز) میں شمولیت کا اعلان کردیا شمولیت کا اعلان انھوں نے کیچ کے علاقے ہوشاپ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی نائب صدر نواب شمبے زئی کی موجودگی میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران کیا مختیار علی، میران عباس، ڈاکٹر برکت، سیٹھ صوالی، شہزاد سربازی، علی شیر جان، ناصر مراد و دیگر سینکڑوں افراد نے ہوشاپ ۔۔۔ بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

پاکستان آئیس لینڈ ڈویلپمنٹ آرڈیننس آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ایک میں صوبوں کی حدود اور سرحدات کی تعین کی گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان آئیس لینڈ ڈویلپمنٹ آرڈیننس آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے، پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ایک میں صوبوں کی حدود اور سرحدات کی تعین کی گئی ہے اور اسی طرح آئین کی دیگر شقوں میں بھی صوبوں کی حد بندی اور حدود کی تعین کی گئی ہے اس قسم کے آرڈیننس کا مقصد ۔۔۔ بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں امن وامان کی بحالی اولین ترجیح ہے، فضیل اصغر

صوبائی حکومت صوبے میں صحت کے شعبے میں مزید بہتری کیلئے کام کررہی ہے

صوبائی حکومت کوئٹہ میں کینسر اور کارڈیالوجی کے ہسپتال کی تعمیر پر کام شروع کررکھی ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صوبے میں تعلیم کے حصول کیلئے مختلف منصوبوں پر کام کررہی ہے جس سے طلباء و طالبات استفادہ حاصل کر کے دنیا میں ملک اور قوم کا نام روشن کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ایم پی آر مسعود، ایڈیشنل سیکرٹری صحت حافظ طاہر، صدر پی ایس پی کونسل ڈاکٹر شعیب شفیق، ڈی جی آئی آر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل، نائب سی پی ایس پی صدر ڈاکٹر محمود ایاز سمیت کونسل کے ممبران بھی موجود تھے۔ چیف سیکرٹری نے کہا ۔۔۔ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

اوتھل لسبیلہ پولیس کی حالیہ 64 اسامیوں پر بھرتی کیخلاف متاثرہ امیدوار اوتھل پریس کلب سامنے احتجاج کر رہے ہیں

لسبیلہ پولیس کی حالیہ بھرتیوں میں ناانصافی کے خلاف متاثرین کا اوتھل پریس کلب کے سامنے احتجاج

بھرتیوں میں میرٹ کی دھجیاں اڑا کر من پسند اور سفارشی امیدواروں کو بھرتی کیا گیا انصاف ملنے تک احتجاج جاری رہے گا

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ پولیس کی حالیہ بھرتیوں میں ناانصافی کے خلاف متاثرین کا اوتھل پریس کلب کے سامنے احتجاج، بھرتیوں میں میرٹ کی دھجیاں اڑا کر من پسند اور سفارشی امیدواروں کو بھرتی کیا گیا انصاف ملنے تک احتجاج جاری رہے گا متاثرین کی صحافیوں سے گفتگو، تفصیلات کے مطابق لسبیلہ پولیس کی حالیہ 64 اسامیوں پر بھرتی کے خلاف متاثرہ امیدواروں نے لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں احتجاج کیا اور ایک ریلی نکالی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن ۔۔۔ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

دو گروہوں میں تصادم کے دوران فائرنگ سے راہگیر بچہ شدید زخمی

سہاول (این این آئی) دو گروہوں میں تصادم کے دوران فائرنگ سے راہگیر بچہ شدید زخمی ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق گذشتہ رات سہاول بخاری محلہ میں سروان برادری کے دو گروہوں میں تصادم کے دوران فائرنگ کی گئی، فائرنگ سے چھرے لگنے سے راہگیر بچہ فرحان ہاشم زخمی ۔۔۔ بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

مولانا عادل شہادت، اہلخانہ کا اندراج مقدمہ سے انکار

کراچی (این این آئی) جامعہ فاروقیہ کے مہتمم مولانا ڈاکٹر عادل خان کی ڈرائیور سمیت شہادت کے واقعے میں اہل خانہ نے مقدمہ درج کروانے سے انکار کردیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اہل خانہ نے اندراج مقدمہ سے ۔۔۔ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

جے یو آئی بلوچستان کے صوبائی نائب امیر خالد ولید سیفی سے بی آر سی کے وفد کی ملاقات

بی آر سی ملازمین کے بنیادی حقوق کو صوبائی حکومت کی جانب ڈاکہ ڈالنا قابل مذمت عمل ہے، خالد ولید سیفی

تربت (آن لائن) جے یو آئی بلوچستان کے صوبائی نائب امیر خالد ولید سیفی سے بی آر سی کے وفد نے ملاقات کی وفد نے بی آر سی ملازمین کے منجمد شدہ 75% الاؤنس کی بحالی کے سلسلے بی آر سی ملازمین کی پریشانیوں سے آگاہ کیا اس موقع پر جے یو آئی کے صوبائی نائب امیر خالد ولید سیفی وفد سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بی آر سی ملازمین کے بنیادی حقوق کو صوبائی حکومت کی ۔۔۔ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کراچی ملک کا سب سے بڑا شہر بلکہ امت مسلمہ کا دھڑکتا دل ہے، محمد حسین محنتی

14 اکتوبر کو کراچی تا کشمور پورے صوبہ میں یوم یکجہتی کراچی منایا جائے گا

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر و سابق ایم این اے محمد حسین محنتی نے کہا ہے کہ کراچی نہ صرف ملک کا سب سے بڑا شہر بلکہ امت مسلمہ کا دھڑکتا دل ہے۔ کراچی کی ترقی و خوشحالی کے اثرات پورے ملک پر پڑتے ہیں۔ اس لئے حکومت شہر کے مسائل کے حل کے ساتھ کراچی تا کشمور تمام بلدیاتی اداروں کو مکمل اختیار و وسائل دے جو کہ ان کا بنیادی و آئینی حق ہے۔ 14 اکتوبر کو کراچی تا کشمور پورے صوبہ میں یوم یکجہتی کراچی منایا جائے گا۔ کراچی منی پاکستان ہے جہاں ملک بھر سے ہر زبان بولنے والے آباد ہیں۔

ڈی سی لاہور مدثر ریاض کی جے ایف کے اینڈ اینیمل ہیلتھ تنظیم کے عہدیداروں سے ملاقات

لاہور (این این آئی) ڈی سی لاہور مدثر ریاض نے جے ایف کے اینڈ اینیمل ہیلتھ تنظیم کے عہدیداروں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں جے ایف کے اینڈ اینیمل ہیلتھ کی چیئرمین ذوالفقار اور ان کی لیگل ٹیم موجود تھی۔ ٹولنٹن مارکیٹ کے بیمار و لاغر جانوروں کی صحت کے حوالے سے تمام ایس او پیز پر عملدرآمد کروایا جائے گا۔

ایڈیشنل سیکریٹری وانچارج بلوچستان کمانڈ و آپریشن سینٹر محمد ذاکر ناصر تیسرے کمشنرز ویڈیو کانفرنس اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوادر اور پسنی کے درمیان گرد و غبار کا طوفان، متعدد گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں

طوفان کے باعث پسنی۔ گوادر کے درمیان ٹرانسمیشن لائن متاثر ہوئی اور گوادر شہر کو بجلی کی فراہمی معطل

گوادر (این این آئی) گوادر اور پسنی کے درمیان تیز آندھی اور گرد و غبار کے طوفان کے باعث ٹرانسمیشن لائن ٹرپ کرگئی اور گوادر شہر کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ آندھی کے باعث حد نگاہ متاثر ہونے سے مکران کوسٹل ہائی وے پر متعدد گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، گوادر اور ۔۔۔ بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

خواتین میں چھاتی کے سرطان کی جلد تشخیص ہو تو علاج ممکن ہے، بیگم ثمینہ علوی

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول بیگم ثمینہ علوی نے کہا ہے کہ خواتین میں چھاتی کے سرطان کی جلد تشخیص ہو تو علاج ممکن ہے، خواتین سرطان سے خوفزدہ نہ ہوں فوری ڈاکٹر ۔۔۔ بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

بی این پی نے صدارتی آرڈیننس کیخلاف قومی اسمبلی میں قرارداد جمع کرادی

آرڈیننس نمبر XI2020 جو گزٹ آف پاکستان میں شائع کرکے نافذ کردیا گیا ہے

صدارتی آرڈیننس کے ذریعے بلوچستان کے جزائر کو مرکزی حکومت نے تحویل میں لے لیا ہے جو غیر آئینی قدم ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی نے صدر مملکت کے صدارتی آرڈیننس کیخلاف قومی اسمبلی میں قرارداد جمع کرادی گزشتہ روز بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل، آغا حسن بلوچ، محمد ہاشم نوتیزئی اور ڈاکٹر شہناز نصیر بلوچ کے دستخط سے قرارداد قومی اسمبلی کے بزنس کے طریقہ کار اور طرز عمل کے رول (2) 170 کے تحت پیش کی گئی جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ آرڈیننس نمبر XI2020 جو گزٹ ۔۔۔ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ناجائز تعلقات کے شبہ پر سگی بیٹی کو قتل کرنے والا باپ دو بیٹوں سمیت پولیس کی حراست میں ہے

ڈی سی لاہور مدثر ملک کے سانده کے علاقے کا دورہ

گراں فروشوں اور تجاوزات کرنے والوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے، ڈی سی لاہور

لاہور (این این آئی) گراں فروشی کی روک تھام اور ڈیمانڈ اینڈ سپلائی بہتر بنانے کے لئے ڈی سی لاہور مدثر ملک خود آپریشنل لیول پر آگئے۔ انہوں نے سانده کے علاقے میں پھلوں، سبزیوں، یوٹیلٹی اسٹورز اور آٹا چکی کے اچانک دورے کیے۔ گراں فروشوں اور تجاوزات کرنے والوں کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔ ڈی سی لاہور نے کہا شہر میں آٹا اور چینی کی سپلائی کو بہتر کررہے ہیں۔

ملک کاغذی منصوبوں اور باتوں سے نہیں چلایا جاتا، فائق شاہ

عمران خان گیارہ مرتبہ مہنگائی کا نوٹس لے چکے، عوام سے روٹی کا نوالہ بھی چھین لیا، چیئرمین امن ترقی پارٹی

پشاور (این این آئی) چیئرمین امن ترقی پارٹی محمد فائق شاہ نے وزیر اعظم کے مہنگائی نوٹس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم گیارہ مرتبہ نوٹس لے چکے ہیں جس پر کوئی عمل نہیں ہوا عوام اب ٹائیگرز فورس کے رحم و کرم پر ہوں گے، ملک کاغذی منصوبوں سے نہیں چلتا، مکمل ہوم ورک کرکے گورننس کو بہتر بنانا ہوتا ہے اس وقت ملک مکمل مافیا کے رحم و کرم پر ہے اور یہ ٹائیگر فورس کی تحفہ گیری میں چلا جائے گا۔

حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں سنجیدہ ہے، عبداللہ رومان

وزیر اعظم ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہے ہیں

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف ضلع پشاور کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری عبداللہ رومان نے وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے ایکشن پلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی اور صوبائی حکومتیں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں مہنگائی کم کرنے کیلئے ٹاسک ٹائیگر فورس کے حوالے کردیا گیا ہے جس سے مہنگائی میں خاطر خواہ کمی آئیگی۔

کورونا کے باوجود ملکی معاشی اشاریوں میں بہتری کا سفر جاری

ترسیلات زر مجموعی طور پر بڑھ کر 1.7 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) کورونا کے باوجود ملکی معاشی اشاریوں میں بہتری کا سفر جاری ہے، کارکنوں کی ترسیلات زر مسلسل چوتھے مہینے بھی 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں اور ترسیلات زر مجموعی طور پر بڑھ کر 1.7 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ترسیلات زر میں مضبوطی کا رجحان ستمبر میں جاری رہا، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری بیان ۔۔۔ بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

پاکستان تحریک انصاف نے جو بویا وہی اب کاٹ رہی ہے، عمران عقیل دولتانہ

اپوزیشن کیخلاف دن رات بیان بازی میں مصروف ہیں جبکہ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں

ملک میں کبھی چینی غائب ہوتی ہے تو کبھی آٹا لیکن حکمران جماعت کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی

وہاڑی (این این آئی) ضلعی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) میاں عمران عقیل دولتانہ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے جو بویا وہی اب کاٹ رہی ہے اپوزیشن دور میں ہمیشہ پی ٹی آئی نے تشدد اور گالم گلوچ کی سیاست کی اور اب حکومت میں آنے کے بعد بھی ان کے رویے تبدیل نہیں ہوئے، پی ٹی آئی کو چاہیے تھا کہ وہ سب سے پہلے پاکستان کے مفادات کو دیکھتے لیکن وہ پوائنٹ سکورنگ کے لئے اپوزیشن کیخلاف دن رات بیان بازی میں مصروف ہیں جبکہ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ ملک میں ۔۔۔ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

گرفتاریاں، جیل، کوڑے اور پھانسیاں آمروں کو نہ بچاسکے تو یہ کٹھ پتلی کیا چیز ہیں، مولا بخش چانڈیو

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے کہا ہے کہ گرفتاریاں، جیل، کوڑے اور پھانسیاں آمروں کو نہ بچا سکے تو یہ کٹھ پتلی کیا چیز ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ میں پی پی کارکنوں کی گرفتاریاں آمرانہ اور قابل مذمت ہیں، گرفتاریاں، جیل، کوڑے اور پھانسیاں آمروں کو نہ بچا سکے تو یہ کٹھ پتلی کیا چیز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی گرفتاریاں سے تو جیالوں کا خون گرماتی ہیں۔

عوام کی شرافت اور خاموشی سے ناجائز فائدہ اٹھایا جارہا ہے، جے یو آئی

گیس کے مسئلے کو مستقل طور پر حل کرنے کیلئے ٹھوس لائحہ عمل طے کرنے سے دریغ نہیں کیا جائے

دوسری طرف بھاری بھرکم بلوں نے عوام کو سخت اقدامات اٹھانے پر مجبور کیا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب مفتی عبدالسلام ریئسانی حافظ مسعود احمد حافظ شبیر احمد مدنی حاجی ولی محمد ترین شیخ غفر اللہ کاکڑ میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف ہاشم مالیات میر سرفراز شاہوانی حاجی قاسم خان خلجی حافظ خلیل احمد ساگزئی مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد عارف شمشیر ۔۔۔ بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

سیالکوٹ، گاڑی سے تلاشی کے دوران منشیات برآمد، ملزم گرفتار

سیالکوٹ (این این آئی) تھانہ سمبڑیال کی حدود میں سیالکوٹ سمبڑیال موٹروے ٹول پلازہ چیک پوسٹ پر پنجاب پولیس کے سپیشل پروٹیکشن یونٹ کی بڑی کارروائی کے دوران کی جانے والی چیکنگ کے موقع پر مشتبہ گاڑی کو روکا گیا تو گاڑی کی تلاشی لینے پر گاڑی کی ڈگی و خفیہ خانوں سے ۔۔۔ بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

پولیس جوان تنگ ہوکر خودکشی پر مجبور ہیں، عبدالحئی سومرو

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد پریس کلب میں سماجی تنظیم عمران سوشل فورم کے چیئرمین عبدالحئی سومرو نے ساتھیوں سمیت پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ضلع ۔۔۔ بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

لاہور: گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور یو ای ٹی یونیورسٹی لاہور میں سولر منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں